Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ
عوام کی بے ساختہ للکار
ABC Certified

روزنامہ
Daily Awami Lalkaar
راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹرانچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 14
جمعرات ،22 فروری 2024ء، 11 شعبان المعظم 1445ھ، قیمت 10 روپے
شمارہ 276

وزیراعلیٰ محسن نقوی سے کویتی سفیر کی ملاقات

دوطرفہ تعلقات کے فروغ پر تبادلہ خیال

کویت میں لائیوسٹاک کی بہت مانگ، کویت کے سرمایہ کار پنجاب میں سرمایہ کاری کے مواقع سے استفادہ کریں، ہر ممکن سہولت دینگے

پنجاب میں صرف 30 روز میں 6 بزنس فیسیلیٹیشن سنٹرز بنائے، سرمایہ کاروں کو 15 روز کے اندر مطلوبہ این او سیز جاری کیے جاتے ہیں، محسن نقوی

وزیر صحت پنجاب پروفیسر ڈاکٹر جاوید اکرم کا یونیورسٹی آف چائلڈ ہیلتھ سائنسز کے 10 ویں سنڈیکٹ اجلاس کی صدارت کے بعد ممبران کے ہمراہ گروپ فوٹو

ڈائریکٹوریٹ پوسٹ کلیئرنس آڈٹ کسٹمز نارتھ نے ایکسپورٹ فیسیلیٹیشن اسکیم 2021 کے تحت 1.4ارب روپے کسٹمز ڈیوٹی و ٹیکس چوری کا انکشاف کیا ہے۔ اس فراڈ کا انکشاف بعد از کسٹمز کلیئرنس آڈٹ کے دوران ہوا۔ ڈائریکٹوریٹ پوسٹ کلیئرنس آڈٹ کے حکام کا کہنا ہے میسرز پریمیم ٹیکسٹائل بلیچنگ انڈسٹری کے ذریعے ایکسپورٹ فیسلیٹیشن اسکیم 2021 کا غلط استعمال کیا گیا،(بقیہ نمبر 1)

آئندہ مالی سال کے بجلی ٹیرف کیلئے تفصیلات طلب

حکومت آئی ایم ایف کو اپنا جواب (کل) تک بھجوائے گی، ذرائع پاور ڈویژن

اسلام آباد(این این آئی) عالمی مالیاتی فنڈ نے آئندہ مالی سال کے بجلی ٹیرف کیلئے تفصیلات طلب کرلیں۔ آئی ایم ایف نے پاور ڈویژن سے کراس سبسڈی کی تفصیلات طلب کی ہیں، کراس سبسڈی کے باعث صنعتی شعبے پر 473 ارب روپے کا بوجھ ہے، حکومت آئی ایم ایف کو اپنا جواب کل (جمعہ) تک بھجوائے گی۔ ذرائع پاور ڈویژن کے مطابق صنعتی شعبے کیلئے مسابقتی ٹیرف آئندہ مالی سال سے لاگو ہونے کا امکان ہے، وزارت خزانہ نے (بقیہ نمبر 2)

موبائل فونز درآمد سالانہ 138 فیصد اضافہ

جولائی تا جنوری ٹیلی کام سیکٹر کی درآمدات ایک ارب 24 کروڑ 33 لاکھ ڈالرز سے زائد رہیں

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں موبائل فونز کی درآمدات میں بڑا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے اور جنوری میں سالانہ بنیادوں پر موبائل فونز کی درآمدات میں 275.15 فیصد اضافہ ہوا جبکہ سالانہ بنیادوں پر ٹیلی کام (بقیہ نمبر 6)

پانی چوری روکنے کیلئے سیٹلائٹ مانیٹرنگ نظام نصب کرنیکا فیصلہ

ایکنک نے 27 مقامات پر سیٹلائٹ مانیٹرنگ کیلئے 23ارب 38 کروڑ 47 لاکھ کے ایک نظر ثانی شدہ تخمینہ کی منظوری دیدی

اسلام آباد (بیورو چیف) وفاقی حکومت نے پانی کو منصفانہ انداز میں صوبوں میں تقسیم کرنے اور پانی کی چوری روکنے کیلئے سٹیلائٹ مانیٹرنگ کا نیا نظام نصب کرنے کا فیصلہ کیا ہے؛ اس ضمن میں ایکنک نے اپنے گزشتہ اجلاس میں (بقیہ نمبر 5)

رمضان المبارک میں مہنگائی عروج پر جانیکا خدشہ

موسمی تبدیلیاں اور بین الاقوامی صورتحال بھی مہنگائی کا باعث بنے گی، اقتصادی ماہرین

لاہور (این این آئی) معاشی ماہرین نے آئی ایم ایف کی سخت شرائط پر عملدرآمد سے بجلی، گیس اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھنے اور عالمی حالات کی وجہ سے رمضان المبارک میں مہنگائی عروج پر جانے کے خدشے (بقیہ نمبر 4)

اگر ایک جج کے خلاف ریفرنس آئے اور سپریم جوڈیشل کونسل نے نوٹس نہ دیا ہو تو کیا وہ ختم ہو جائے گا؟

جج کے استعفیٰ سے سپریم جوڈیشل کونسل کی کارروائی نہیں رکے گی سپریم کورٹ

عدلیہ کی آزادی کے لیے ججز کا احتساب لازم ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر احتساب سے اعتراض برتا جائے تو اس سے عدلیہ کی آزادی متاثر ہوگی، عدلیہ کی آزادی کے لیے سپریم جوڈیشل کونسل کو خود متحرک ہونا چاہیے

اگر احتساب سے اعتراض برتا جائے تو اس سے عدلیہ کی آزادی متاثر ہوگی، عدلیہ کی آزادی کیلئے سپریم جوڈیشل کونسل کو خود متحرک ہونا چاہیے، فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے ریٹائرڈ یا مستعفی ججز کے خلاف سپریم جوڈیشل کونسل کی کارروائی سے متعلق محفوظ فیصلہ سنا دیا جس میں بتایا گیا ہے کہ استعفیٰ دینے سے سپریم جوڈیشل کونسل کی کارروائی نہیں رکے گی۔ جسٹس امین الدین کی سربراہی میں 5 رکنی بینچ نے مقدمے کی سماعت کی، سماعت کے دوران اٹارنی جنرل منصور عثمان نے دلائل دیے تھے کہ جج کے دوران سروس کیے گئے مس کنڈکٹ پر (بقیہ نمبر 9)



اسلام آباد، صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سے کمانڈ اینڈ سٹاف کالج میں مختلف ممالک کے انڈر ٹریننگ ملٹری افسران کا گروپ فوٹو

سگریٹ پر ٹیکسز میں اضافہ وقت کی ضرورت ہے، ماہرین صحت

اسلام آباد(این این آئی) ماہرین صحت نے تمباکو پر ٹیکس بڑھانے کو وقت کی ضرورت قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ایسا کر کے پالیسی ساز سگریٹ نوشی میں نمایاں کمی لا سکتے ہیں، ٹیکسز میں اضافے سے محدود آمد(بقیہ نمبر 8)

جان بچانیوالی 146 ادویات کی قیمتوں میں اضافہ

کینسر، ویکسین اور اینٹی بائیوٹک دواؤں کی قیمتیں بڑھائی گئی ہیں: نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد(این این آئی) وفاقی حکومت نے جان بچانے والی 146 ادویات کی قیمتوں میں اضافہ کردیا۔ حکومت کی جانب سے ادویات کی قیمتوں میں اضافے کا نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا ہے جس کے مطابق کینسر، ویکسین اور اینٹی بائیوٹک دواؤں کی قیمتیں بڑھائی گئی ہیں۔ وزارت صحت کے حکام کے مطابق ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی (بقیہ نمبر 7)

وفاقی حکومت سے الیکشن کے دن انٹرنیٹ بند کرنے کی وجوہات طلب

ڈرائنگ روم میں بیٹھ کر عہدے بانٹ لیا کریں الیکشن کرانے کی کیا ضرورت ہے؟، دوران سماعت چیف جسٹس کے ریمارکس

پی ٹی اے وزارت داخلہ کے احکامات پر عمل کرتی ہے، وزارت اطلاعات اور وزارت داخلہ کے احکامات پر عمل درآمد کیا ہے، وکیل پی ٹی اے

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ نے انٹرنیٹ اور سوشل میڈیا کی بندش کے خلاف درخواست کی سماعت کے دوران وفاقی حکومت سے الیکشن کے دن انٹرنیٹ بند کرنے کی وجوہات طلب کر لی ہیں۔ دوران سماعت چیف جسٹس سندھ ہائی کورٹ عقیل احمد عباسی نے ریمارکس میں کہا کہ ڈرائنگ روم میں بیٹھ کر عہدے بانٹ لیا کریں الیکشن کرانے کی کیا ضرورت ہے؟۔ بدھ کو(بقیہ نمبر 11)

نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ سے نمک و معدنیات کے شعبے کی امریکی کمپنی کا وفد ملاقات کر رہا ہے

چیئرمین سینیٹ کی آر آئی یو جے کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد

آزاد، فعال اور متحرک میڈیا جمہوریت کی مضبوطی اور جمہوری اقدار کے فروغ کے لئے ناگزیر ہے

راولپنڈی اسلام آباد یونین آف جرنلسٹس کے نومنتخب عہدیداران صحافی برادری کی امیدوں پر پورا اتریں گے، محمد صادق سنجرانی

اسلام آباد(نمائندہ عوامی للکار) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے راولپنڈی اسلام آباد یونین آف جرنلسٹس (آر آئی یو جے) کے نو منتخب عہدیداران کو مبارکباد دی ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے آر آئی یو جے کے نومنتخب عہدیداران جس میں صدر طارق ورک، جنرل سیکرٹری آصف بشیر چوہدری، فنانس سیکرٹری ندیم چوہدری، نائب صدور بشیر عثمانی، عمار برلاس جوائنٹ سیکرٹریز گلزار (بقیہ نمبر 10)

شہر میں تیز دھوپ، درجہ حرارت بڑھ گیا، فضائی آلودگی میں کمی نہ آسکی

ایئر کوالٹی انڈیکس 175 ریکارڈ، آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں لاہور کا دوسرے نمبر رہا

لاہور (این این آئی) شہر میں تیز دھوپ کے باعث درجہ حرارت بڑھ گیا تاہم فضائی آلودگی میں کمی نہ آسکی۔ شہر میں فضائی آلودگی کی شرح میں اضافہ ریکارڈ(بقیہ نمبر 26)

مولانا طاہر محمود اشرفی دیگر علماء کے ہمراہ میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

سمندری گشت کیلئے پاکستانی جہاز پی این ایس یمامہ کی لانچنگ تقریب

پی این ایس یمامہ جدید ترین ہتھیاروں و ٹیکنالوجی سے لیس ہوگا، جہاز کی شمولیت سے میری ٹائم سیکیورٹی کیلئے صلاحیت بڑھے گی

پاک بحریہ سمندر میں تجارتی راستے محفوظ بنانے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے، وائس چیف آف دی نیول اسٹاف وائس ایڈمرل اویس احمد بلگرامی

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان کیلئے سمندری گشت کے جہاز پی این ایس یمامہ کی لانچنگ تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق تقریب کا انعقاد رومانیہ کے ڈامن شپ یارڈ میں ہوا جس میں وائس چیف آف دی نیول اسٹاف وائس ایڈمرل اویس احمد بلگرامی مہمان خصوصی تھے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وائس ایڈمرل اویس بلگرامی نے بتایا کہ پی این ایس یمامہ جدید ترین ہتھیاروں اور ٹیکنالوجی سے لیس ہوگا، اس جہاز کی شمولیت سے میری ٹائم سیکیورٹی کیلئے صلاحیت بڑھے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاک بحریہ سمندر میں تجارتی راستے محفوظ بنانے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ وائس ایڈمرل اویس بلگرامی نے اس موقع پر بحری امن و استحکام کے حوالے سے(بقیہ نمبر 20)

والدین پولیو کے خاتمے کی کوششوں میں حکومت کا ساتھ دیں، ڈپٹی کمشنر بہاولنگر

بہاولنگر (این این آئی) ڈپٹی کمشنر ذوالفقار احمد بھون نے کہا ہے کہ والدین پولیو کے خاتمے کی کوششوں میں حکومت کا ساتھ دیں اور حفاظتی ویکسین پلوائیں۔ ڈپٹی کمشنر ذوالفقار احمد بھون نے مزید کہا کہ ویکسین سے ہم بچوں کو پولیو سے بچا سکتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کو پولیو فری بنانے کے لیے اجتماعی کوششیں کرنا ہوں گی، والدین اپنے بچوں کو (بقیہ نمبر 14)

مخدوم احمد محمود مسلم لیگ (ن) کیلئے بھی قابل قبول

گورنر پنجاب کیلئے مخدوم احمد محمود، قمر زمان کائرہ اور ندیم افضل چن کے نام زیر غور

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) کے درمیان حکومت سازی اور پاور شیئرنگ کے فارمولے پر اتفاق رائے کے بعد پیپلز پارٹی میں (بقیہ نمبر 12)

قومی اسمبلی سیکرٹریٹ میں نومنتخب ممبران قومی اسمبلی کیلئے فیسلیٹیشن سینٹر قائم

نومنتخب ممبران دشواری سے بچنے کیلئے (آج) سے اپنی رجسٹریشن کیلئے تشریف لائیں

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی سیکرٹریٹ میں نو منتخب ممبران قومی اسمبلی کیلئے فیسلیٹیشن سینٹر قائم کردیا گیا ہے۔ بدھ کو ترجمان قومی اسمبلی کے مطابق قومی اسمبلی سیکرٹریٹ میں نومنتخب ممبران قومی اسمبلی کی سہولت کیلئے کمیٹی روم نمبر 2 میں فیسلیٹیشن (بقیہ نمبر 13)

ایکس کی سروس بحالی کے بعد دوبارہ متاثر

مسلسل پانچویں روز بندش برقرار، پی ٹی اے خاموش

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان بھر میں مسلسل پانچویں روز بھی سماجی پلیٹ فارم ایکس کی بندش برقرار رہی تاہم پاکستان ٹیلی کمیونکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) اور نگران حکومت کی جانب سے کوئی بیان جاری نہیں کیا گیا۔ ملک میں ایکس کی بندش پر انسانی حقوق اور صحافیوں کی تنظیموں

مسلم لیگ (ن) کی پارلیمانی پارٹی کا مریم نواز پر مکمل اعتماد کا اظہار

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی پارلیمانی پارٹی نے مریم نواز کو وزیراعلیٰ منتخب کرنے پر قیادت کے فیصلے پر مکمل اعتماد کا اظہار کردیا جبکہ مریم نواز نے عزم اور خلوص کیساتھ صوبے میں خدمت کا نیا سفر شروع کرنے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ نواز شریف کو مینڈیٹ دینے پر (بقیہ نمبر 21)

رائے ونڈ، اوور ہیڈ برج کی تعمیر سست روی کا شکار ہونے کی وجہ سے مسافر ریلوے لائن عبور کر رہے ہیں

نئی حکومت کی تشکیل پاکستان کا اندرونی معاملہ ہے امریکا

پاکستان میں انتخابات میں مداخلت یا فراڈ کے دعووں کی مکمل اور شفاف تحقیقات ہونی چاہئے، امریکی ترجمان

سوشل میڈیا پر پابندی کے سوال پر میتھیو ملر نے کہا کہ دنیا بھر میں انٹرنیٹ کی آزادی دیکھنا چاہتے ہیں

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا نے کہا ہے کہ نئی حکومت کی تشکیل پاکستان کا اندرونی معاملہ ہے، پاکستان کے اندرونی معاملات میں نہیں پڑنا چاہتے۔ ترجمان امریکی محکمہ خارجہ میتھیو ملر نے کہا کہ پاکستان میں انتخابات میں مداخلت یا فراڈ کے دعووں کی مکمل اور شفاف تحقیقات ہونی چاہیے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ یہ تحقیقات پاکستان کے اپنے قوانین اور طریقہ کار کے مطابق ہونی چاہیے۔ ترجمان(بقیہ نمبر 15)

میرٹ پر فیصلہ ہوا تو جلد عمران خان پاکستان کے وزیراعظم ہونگے

ہم لوگ عوام میں جائیں گے اور قانونی جنگ بھی ہوگی، کوئی بھی وزیراعظم، گورنر اور وزیراعلیٰ بننے جا رہا ہے

شہباز شریف میں اخلاقیات ہو تو شکست تسلیم کریں کہ وہ اقلیت میں ہیں اکثریت میں نہیں ہیں، اسد قیصر

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اور سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر کا کہنا ہے کہ میرٹ پر فیصلہ ہوا تو جلد بانی چیئرمین عمران خان پاکستان کے وزیراعظم ہوں گے۔ اڈیالہ جیل راولپنڈی کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اسد قیصر کا کہنا تھا کہ الیکشن کمیشن نے تاریخ کے بدترین الیکشن کرائے ہیں، کراچی اور پنجاب میں ہمارا مینڈیٹ چوری ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ(بقیہ نمبر 27)

کراچی، فائرنگ سے 1 شخص جاں بحق، دوسرا زخمی ہوگیا

ابتدائی تحقیقات میں واقعہ ذاتی دشمنی کا شاخسانہ معلوم ہوتا ہے، پولیس حکام

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے شاہ فیصل کالونی نمبر ایک سبزی منڈی مارکیٹ کے قریب فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق، دوسرا زخمی ہوگیا، پولیس (بقیہ نمبر 22)

جیکب آباد میں اسکول کی چھت کا پلستر دھماکے سے گر پڑا

چار طالبعلم لہولہان، سیشن جج کا نوٹس، متعلقہ حکام 23 فروری کو طلب

جیکب آباد (این این آئی) جیکب آباد میں اسکول کی چھت کا پلستر دھماکے سے گر پڑا، چار طالبعلم لہولہان، سیشن جج کا نوٹس، متعلقہ حکام 23 فروری کو (بقیہ نمبر 23)

وفاقی وزیر آئی ٹی عمر سیف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

نگران وزیراعظم سے امریکی کمپنی کے وفد کی ملاقات

اسلام آباد(این این آئی) نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے کہا ہے کہ نگران حکومت کی قلیل مدت میں بیرونی سرمایہ کاری کے فروغ اور کاروبار کو سہولت دینے کیلئے اقدامات کے مثبت نتائج سامنے آ رہے ہیں، خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (ایس آئی(بقیہ نمبر 16)

سنی اتحاد کونسل کو پنجاب میں مخصوص نشستیں نہ ملنے کا خدشہ

ذرائع نے اصرار کیا کہ قانونی معاملات کے درمیان سنی اتحاد کونسل کو اپنا حصہ ملنے کا امکان نہیں

اسلام آباد (بیورو چیف) پنجاب اسمبلی کا اجلاس ایک دو روز میں بلائے جانے کا امکان ہے، ممکنہ طور پر سنی اتحاد کونسل کو خواتین اور اقلیتوں کی مخصوص نشستیں نہ مل سکیں، جس کے نتیجے میں مسلم لیگ (ن) کو ایوان میں سادہ اکثریت حاصل ہو جائے گی۔ رپورٹ کے مطابق تاہم پنجاب اسمبلی کے سبکدوش ہونے والے اسپیکر سبطین خان نے حکومت کو متنبہ کیا ہے کہ وہ سنی اتحاد کونسل کو مخصوص نشستیں دیے بغیر صوبائی اسمبلی کا اجلاس بلانے سے(بقیہ نمبر 17)

ایم کیو ایم کے ن لیگ سے مطالبات سامنے آ گئے

کراچی (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے مسلم لیگ ن سے کیے گئے مطالبات سامنے آ گئے۔ ذرائع کے مطابق 3 مطالبات قانون سازی سے متعلق اور دیگر سیاسی نوعیت کے ہیں۔ ذرائع نے (بقیہ نمبر 18)

وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی، عامر میر، سید اظفر علی ناصر وہاب ریاض پی ایس ایل کا میچ دیکھ رہے ہیں

محکمہ سوئی گیس کی قیمتوں میں اضافے کے جھٹکے عوام کو لگنا شروع ہوگئے

گیس کی قیمت کو جواز بناتے ہوئے کھاد کے فی بیگ میں 1200 روپے کا اضافہ

بہاولنگر (این این آئی) محکمہ سوئی گیس کی جانب سے قیمتوں میں اضافے کے جھٹکے عوام کو لگنا شروع ہوگئے ایک دن میں کھاد فیکٹری مالکان نے گیس کی قیمت کو جواز بناتے ہوئے کھاد کے فی بیگ میں 1200 روپے کا اضافہ کردیا ہے دو روز قبل 4 ہزار روپے میں فروخت ہونیوالا کھاد کا گٹو 5200 روپے پر جا پہنچا ہے کھاد ڈیلرز ایسوسی ایشن (بقیہ نمبر 28)

وفاقی انشورنس محتسب کے زیر اہتمام چوتھی سالانہ قومی کانفرنس کا آغاز

لاہور (این این آئی) وفاقی انشورنس محتسب کے زیر اہتمام چوتھی سالانہ قومی کانفرنس کا آغاز آج (جمعرات) لاہور میں ہوگا۔ کانفرنس میں پاکستان بھر سے وفاقی انشورنس محتسب کے ایڈوائزرز اور دیگر سینئر(بقیہ نمبر 29)

گھریلو ملازم نے گلے میں پھندا لے کر خودکشی کر لی

25 سالہ علی وقاص اوکاڑہ رہائشی تھا، پولیس نے تحقیقات کا آغاز کر دیا

لاہور (این این آئی) نشتر کالونی کے علاقہ سوئی گیس کالونی میں گھریلو ملازم نے خودکشی کر لی۔ پولیس کے مطابق 25 سالہ گھریلو ملازم نے نامعلوم وجوہات پر گلے میں پھندا ڈال کر زندگی کا خاتمہ کر لیا، متوفی کی شناخت علی وقاص کے نام سے ہوئی جو اوکاڑہ کا رہائشی تھا۔ پولیس اور تحقیقاتی اداروں نے شواہد اکٹھے کر کے مختلف پہلوؤں پر تحقیقات(بقیہ نمبر 30)

ایک سالہ دور میں محکمہ معدنیات میں 2ارب سے زائد کا اضافہ

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر ابراہیم حسن مراد نے اپنے ایک سالہ دور میں محکمہ معدنیات میں کیے جانیوالے نمایاں اقدامات بارے ایک بیان میں کہا ہے کہ 12ارب کی جگہ 14.17ارب حاصل کر کے دو ارب سے زائد کا اضافہ ممکن بنایا گیا۔ انہوں (بقیہ نمبر 31)

صدر مملکت سے نمک و معدنیات کے شعبے کی امریکی کمپنی کے وفد کی ملاقات

پاکستان غیر ملکی کمپنیوں کیساتھ باہمی طور پر فائدہ مند کاروباری شراکت داری چاہتا ہے، صدر

اسلام آباد(این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کہا ہے کہ پاکستان اپنی معاشی صورتحال بہتر بنانے کیلئے برآمدات بڑھانے پر توجہ مرکوز کر رہا ہے، پاکستان غیر ملکی کمپنیوں کیساتھ باہمی طور پر فائدہ مند کاروباری شراکت داری چاہتا ہے۔ وہ بدھ کو ایوان صدر میں نمک اور معدنیات کے شعبے کی امریکی کمپنی کے وفد سے ملاقات کے (بقیہ نمبر 24)

(ن) لیگ کی نومنتخب اراکین اسمبلی کو لاہور میں رکنے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) نے پنجاب اسمبلی کے اجلاس کے پیش نظر تمام نومنتخب اراکین اسمبلی کو لاہور میں ہی رکنے کی ہدایت کردی۔ ذرائع کے مطابق پنجاب اسمبلی کا اجلاس 23 فروری کو طلب کیے جانے کا امکان ہے، مسلم لیگ (ن) کی پارلیمانی پارٹی کے اجلاس میں ارکان کو 23 فروری کو اجلاس کے انعقاد کے حوالے سے آگاہ (بقیہ نمبر 32)

اسرائیلی وحشیانہ بمباری میں شہید ہونے والے فلسطینیوں کی تدفین کی جا رہی ہے

وٹامنز، ادویات اور غذائی اجزاء تجویز کرنے پر پابندی مسترد

مرض کی تشخیص اور علاج کیلئے ادویات تجویز کرنا ڈاکٹروں کا پیشہ ہے، پروفیسر سید جمال رضا

کراچی (این این آئی) پاکستان پیڈیاٹرک ایسوسی ایشن (پی پی اے) کا وفاقی وزارت صحت کا ڈاکٹروں کو ملٹی وٹامنز ادویات اور غذائی اجزاء تجویز کرنے پر پابندی کو مسترد کرتی ہے جس میں خون کی کمی کے شکار بچوں اور خواتین کو ملٹی وٹامنز ادویات اور غذائی اجزاء تجویز کرنے سے روک دیا گیا ہے، پاکستان پیڈیاٹرک ایسوسی ایشن حکام سے(بقیہ نمبر 25)

سب سے زیادہ پاکستانی مشرق وسطی کے ممالک میں قید

اس وقت 23 ہزار 456 پاکستانی شہری دنیا کے مختلف جیلوں میں قید ہیں، 15 ہزار 587 پاکستانیوں کو سزائیں ہو چکی ہیں

7 ہزار سے زائد پاکستانی شہریوں کے ٹرائل مختلف عدالتوں میں جاری ہیں، بھارت میں قید پاکستانیوں کی تعداد 706 ہے

اسلام آباد (چیف رپورٹر) مختلف جرائم میں گرفتار کیے جانے والے سب سے زیادہ پاکستانی مشرق وسطی کے ممالک میں قید ہیں۔ یہ بات وزارت خارجہ کے حکام نے سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق کے اجلاس میں بتائی جس کا اجلاس سینیٹر ولید اقبال کی زیر صدارت ہوا۔ اجلاس میں وزارت خارجہ نے کمیٹی کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ اس وقت 23 ہزار 456 پاکستانی شہری دنیا کے مختلف جیلوں میں قید ہیں۔ حکام نے کہا کہ 15 ہزار 587 پاکستانیوں کو سزائیں ہو چکی ہیں جبکہ 7 ہزار سے زائد پاکستانی شہریوں کے ٹرائل مختلف عدالتوں میں جاری ہیں۔ حکام کا (بقیہ نمبر 19)

اسلام آباد، ویمن پولیس اہلکار شہری کا کوائف چیک کر رہی ہے

عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

پی این ایس یمامہ کی لانچنگ تقریب

پاکستان کیلئے سمندری گشت کے جہاز پی این ایس یمامہ کی لانچنگ تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق تقریب کا انعقاد رومانیہ کے ڈامن شپ یارڈ میں ہوا جس میں وائس چیف آف دی نیول اسٹاف وائس ایڈمرل اویس احمد بلگرامی مہمان خصوصی تھے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وائس ایڈمرل اویس بلگرامی نے بتایا کہ پی این ایس یمامہ جدید ترین ہتھیاروں اور ٹیکنالوجی سے لیس ہوگا، اس جہاز کی شمولیت سے میری ٹائم سیکیورٹی کیلئے صلاحیت بڑھے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاک بحریہ سمندر میں تجارتی راستے محفوظ بنانے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ وائس ایڈمرل اویس بلگرامی نے اس موقع پر بحری امن و استحکام کے حوالے سے پاک بحریہ کی کاوشوں کو بھی اجاگر کیا۔ وائس ایڈمرل نے پاک بحریہ کو جدید ٹیکنالوجی کی فراہمی پر ڈیمن شپ یارڈ انتظامیہ کو سراہا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق پہلے یرموک کلاس جہاز کے بعد پی این ایس تبوک پاک بحریہ میں شامل ہوا تھا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق یرموک کلاس کے آخری 2 جہاز پی این ایس حنین اور پی این ایس یمامہ ہیں۔

کانٹوں کو تقسیم کریں گے، پھولوں کو تقسیم کریں گے

رفیع صحرائی

خبر یہ ہے کہ پاکستان مسلم لیگ ن اور پاکستان پیپلز پارٹی میں حکومت سازی پر اتفاق ہوگیا ہے۔ وہ جو ان دونوں کے درمیان ڈیڈ لاک ہوگیا تھا اس بند تالے کی چابی لے کر سعودی سفارت خانے کا وفد جاتی عمرہ پہنچا اور قفل کشائی کر کے گومگو کی کیفیت کو ختم کر دیا۔ یاد رہے کہ پاکستان آنے سے قبل میاں نواز شریف نے سعودی عرب کا دورہ کیا تھا جہاں انہیں بہت سی یقین دہانیاں کروائی گئی تھیں۔ گو میاں نواز شریف کو سادہ اکثریت تو حاصل نہیں ہوسکی مگر "بادشاہ گر" کی پوزیشن پر وہ اب بھی براجمان ہیں۔

میاں نواز شریف کو یہ اچھی بات اچھی طرح معلوم ہے کہ آنے والی حکومت کو پی ڈی ایم حکومت جیسے ہی مسائل کا سامنا ہوگا۔

میاں شہباز شریف کے لیے ایک مرتبہ پھر وزارتِ عظمیٰ کانٹوں کا تاج بننے جا رہی ہے۔ مسلم لیگ ن پہلے ہی ایسی صورتِ حال کا خمیازہ حالیہ انتخابات میں بھگت چکی ہے۔ اگر حکومت لینے کی صورت میں اب بھی میاں شہباز شریف اپنے عوام کو ریلیف مہیا نہ کر سکے تو اس کا انجام پارٹی کی غیر مقبولیت کی صورت میں سامنے نظر آ رہا ہے۔ میاں نواز شریف اچھی طرح آگاہ ہیں کہ اصل مسئلہ حکومت لینا نہیں ہے بلکہ 2024 میں درپیش معاشی مسائل اور چیلنجز ہیں۔ اس سال ہم نے دنیا کو 27 ارب ڈالر واپس کرنا ہیں۔ اگر ری ایڈجسٹمنٹ کروا بھی لیے جائیں تو کم از کم 5 ارب ڈالر وہ ہیں جو ہمیں ہر صورت میں ادا کرنا ہی پڑیں گے۔ خزانہ خالی ہے۔ نگرانوں نے تیل، گیس اور بجلی کی قیمتیں بڑھا کر عوام کی چیخیں نکلوانے کے علاوہ بے تحاشہ اندرون و بیرون ملک سے قرضے بھی لیے ہیں۔ ایسے میں پہلا سال حکومت کے لیے یقیناً بہت بھاری ہو گا۔ پتا چلا ہے کہ سعودی وفد نے میاں نواز شریف کو الیکشن سے قبل کیے گئے وعدوں کی تکمیل کی یقین دہانی کروا دی ہے جس میں 25 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری بھی شامل ہے۔ میاں نواز شریف نے پارٹی لیڈران کو بھی اعتماد میں لے لیا ہے۔

دوسری طرف بلاول بھٹو زرداری زیادہ سے زیادہ فائدہ حاصل کرنے کے لیے بڑی سمارٹ گیم کھیل رہے تھے۔ وہ مسلم لیگ ن کی حکومت کا حصہ بنے بغیر حکومتی بھینس کا آدھا دودھ خود پینا چاہتے تھے جبکہ چارا ڈالنے کی ساری ذمہ داری مسلم لیگ ن کے سر ڈالنا چاہتے تھے۔ مذاکرات میں کئی بار ڈیڈ لاک پیدا ہوا۔ بلاول بھٹو کا خیال تھا کہ چونکہ میاں نواز شریف چوتھی مرتبہ وزیراعظم بننے کے لیے آئے ہیں لہٰذا وہ ان کی ہر شرط مانتے چلے جائیں گے۔ دوسری طرف کوئی کچی گولیاں کھیلنے والے سیاستدان نہیں تھے۔ وہ بھی جانتے تھے کہ سب سے بڑے صوبے پنجاب کی حکومت انہیں مل رہی ہے۔ وہ اگر مرکز میں حکومت نا بھی بنائیں تو مرکزی حکومت کو برابر کی ٹکر دے سکتے ہیں۔ مولانا فضل الرحمان کو ساتھ ملا کر بلوچستان میں بھی حکومت بنائی جا سکتی ہے۔ نتیجہ یہ ہوگا کہ پیپلز پارٹی صرف سندھ تک محدود رہ جائے گی۔ پی ٹی آئی کے ساتھ مل کر حکومت سازی جناب آصف زرداری اور بلاول بھٹو دونوں ہی کو منظور نہیں۔ عمران خان بھی مسلم لیگ ن یا پیپلز پارٹی کے ساتھ مل کر حکومت نہیں بنائیں گے۔ جس دن انہوں نے ایسا کیا، اسی دن سے ان کا زوال شروع ہو جائے گا کہ ان کی سیاست ہی ان دونوں پارٹیوں سے مخالفت کے سہارے کھڑی ہے۔

بعض سیاسی پنڈتوں کا خیال ہے کہ مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی کو کولیشن گورنمنٹ بنانے پر راضی کرنے میں ملک ریاض نے اہم کردار ادا کیا ہے۔ ایسا کچھ بھی نہیں ہے۔ ماضی میں ایسی صورت حال میں ملک ریاض کا کردار بڑا اہم رہا ہے لیکن فی الحال وہ اس پوزیشن میں نہیں رہے۔ اب یہ فریضہ محسن نقوی ادا کر رہے ہیں۔ دونوں سیاسی پارٹیوں کو قریب لانے اور برف پگھلانے میں ان کا کلیدی کردار ہے۔

بلاول بھٹو مسلم لیگ ن کی حکومت کو سہارا دینے کو اس شرط پر تیار تھے کہ وہ حکومت کا حصہ نہیں بنیں گے۔ اس کے بدلے میں وہ بہت سے آئینی عہدے مانگ رہے تھے جن میں صدرِ مملکت کا عہدہ، چاروں صوبوں کی گورنرشپ، قومی اسمبلی کی اسپیکرشپ اور سینٹ کی چیئرمینی شامل تھی۔ آگے چل کر سوئی گیس، واپڈا، اسٹیل مل، پی آئی اے سمیت کئی اداروں کی سربراہی کا حصول بھی ان کے ایجنڈے پر تھا۔ وہ کانٹے مسلم لیگ ن کی جھولی میں ڈال کر پھولوں سے اپنا دامن بھرنا چاہتے تھے۔ مسلم لیگ ن چاہتی تھی کہ پھول اور کانٹے یکساں تقسیم کیے جائیں۔ اب نئے فارمولے کے تحت جناب زرداری صدر مملکت ہوں گے۔ پیپلز پارٹی مرکز اور پنجاب میں وزارتیں لے گی۔ بلوچستان میں مسلم لیگ ن کے تعاون سے پیپلز پارٹی حکومت بنائے گی جبکہ وہاں مسلم لیگ ن کو وزارتیں ملیں گی۔ اس طرح مرکز، پنجاب اور بلوچستان کی حکومتوں کے کریڈٹ اور ڈس کریڈٹ میں دونوں پارٹیاں برابر کی ذمہ دار اور حصہ دار ہوں گی۔ کانٹے اور پھول دونوں میں یکساں تقسیم ہوں گے۔

اب کے برس ہم گلشن والے
اپنا حصہ پورا لیں گے
کانٹوں کو تقسیم کریں گے، پھولوں کو تقسیم
کریں گے

پھول سا چہرہ اٹا ہے بیوگی کی خاک میں

(فاطمہ بتول)

بیوگی ہمارے معاشرے میں عورت کا ایسا ناکردہ گناہ ہے کہ جسکی پاداش میں اسے ساری زندگی سماجی حقارت اور محرومیوں کی سولی پر لٹکے رہنا پڑتا ہے۔ کبھی کبھی تو فرسودہ رسومات اور توہمات کے زیر اثر ہمارا معاشرہ نحوست کا نام دے کر خاوند کی موت بھی بیوی کے حصے میں ڈال دیتا ہے۔ اس کارنا کردہ کی سزا صرف بیوہ ہی کے حصے میں نہیں آتی بلکہ اسکے بچوں کو بھی معاشرتی طعن و تشنیع کا سامنا رہتا ہے۔

دیکھا گیا ہے کہ ایک بیوہ سے ناروا سلوک آنے والی نجانے آنے والی کتنی نسلوں کی نفسیات پر منفی اثرات مرتب کرتا ہے۔

میرے ہمسائے میں راشدہ کے شوہر فضل کریم کا انتقال ہوئے ابھی چند مہینے ہی گزرے تھے جب راشدہ نے اپنے دیور کو اسکی ساس سے اس بات کا مطالبہ کرتے سنا کہ فضل کریم کی ملکیت میں آنے والا گھر اور دکان فروخت کر کے اس میں سے اپنے وراثتی حصے کو اسکے حوالے کردے تاکہ وہ اپنے ٹھپ ہوتے کاروبار کو کچھ سہارا دے سکے۔ ساس کا استفسار تھا کہ گھر بکنے پر راشدہ اور اسکے دو بچے کہاں جائیں گے۔

" کہاں جائیں گے کیا مطلب؟ بھابھی تو ابھی جوان ہے، وہ ساری عمر ایسے ہی تھوڑی گزارے گی۔ دیکھ لینا آج نہیں تو کل وہ شادی کرلے گی۔ اور تم بچے لے کر میرے گھر آجانا۔"

دیور کا یہ جواب راشدہ کے لیے بہت تکلیف کا باعث تھا۔

کچھ عرصے بعد راشدہ کے شوہر کا وہ گھر اور دکان بک گئے اور وہ بچوں کو لے کر ماں باپ کے گھر آ گئی۔ اس کے اور بچوں کے حصے میں آئی رقم ایک بینک اکاؤنٹ میں جمع کروا دی گئی۔ میکے آنے پر اسے معلوم ہوا کہ اسکا باپ اس کی دو چھوٹی بہنوں کی شادی اور اکلوتے بھائی کو بیرون ملک بھیجنے کے لیے راشدہ اور اس کے بچوں کے حصے آئی رقم پر نظر جمائے بیٹھا ہے۔ شوہر کے گھر سے نکالے جانے کے بعد اب باپ کے گھر کسی انکار کی گنجائش بھی موجود نہ تھی۔ یوں اپنے قریبی رشتوں کی ستم ظریفی کے سبب راشدہ کو اپنے اور اپنے بچوں کے مستقبل کو نظرانداز کرتے ہوئے وہ رقم بھی باپ کے حوالے کرنا پڑی۔

کچھ وقت اور گزرتے ہی باپ کے گھر میں بھی راشدہ اور بچوں کا عرصہ حیات تنگ ہونے لگا۔ باپ اور بھائی اب بچوں کا سکول مہنگا ہونے کی اکثر شکایت کرتے نظر آتے اور یوں انکا داخلہ ایک قریبی مگر سستے سکول میں کرا دیا گیا۔ ان حالات کی خبر جب سسرال میں پہنچی تو ہنگامہ برپا ہوگیا کہ راشدہ نے شوہر کی تمام جمع پونجی اپنے میکے میں لٹا دی اور بچوں کی تعلیم کے لیے کچھ باقی نہیں چھوڑا۔

ساس کی ضد تھی کہ بچوں کی پرورش ٹھیک سے نہیں کر سکتی تو انھیں اسکے حوالے کر دے جب کہ والد اور بھائی چاہتے تھے کہ بچے خود راشدہ اور انکے لیے بوجھ ہیں اسلیے جن کی اولاد ہے ان کے پاس واپس چلے جائیں اور راشدہ اس ذمہ داری سے آزاد ہو جائے۔

یوں راشدہ کے مرحوم شوہر کا ترکہ اسکے انتہائی قریبی عزیزوں میں بٹ جانے کے بعد وہ اور اسکے بچے مجبورا "بے سروساماں کرائے کے ایک کمرے میں شفٹ ہو گئے۔ راشدہ کا کٹھن امتحاں یہیں ختم نہیں ہوا۔ اپنا اور بچوں کا پیٹ پالنے کے لیے دوڑ دھوپ کرنے جب گھر سے باہر نکلی تو اسے اپنے انہی قریبی رشتہ داروں کی جانب سے بدچلن، بد کردار اور خود سر ہونے کے طعنے سننے پڑے۔

ہمارے اردگرد جابجا معاشرتی جبر، بے حسی اور ناانصافی کی چکی میں پستی راشدہ ایسی بیواؤں کی داستانیں بکھری پڑی ہیں۔ بیوہ خواتین کے ساتھ خاوند کے انتقال کے بعد اسکی موت کا ذمہ دار ٹھہرائے جانے سے لے کر جائیداد میں وراثتی حق سے محروم کیے جانے، بہتان تراشی، بچوں کے چھن جانے، گھر سے بے دخل کئے جانے، خاوند کے بھائی سے نکاح کے لیے مجبور کیے جانے، اپنے اور بچوں کے پیٹ پالنے کے لیے گھر سے باہر نکلنے یا دوسری شادی پر بدچلنی کا الزام تک کی یہ سب کہانیاں بہت عام ہیں اور ایسی کئی کہانیاں ہمارے اردگرد ہی مل جائیں گی۔ بیوہ کے استحصال میں خود اپنے ہی خاندان اور گھر کے لوگ پیش پیش ہوتے ہیں اور یوں خاوند کا سایہ سر سے اٹھ جانے کے بعد وہ اپنے ہی گھر اور عزیزوں کے درمیان تنہا رہ جاتی ہے۔

ہمارے ملک میں سوشل سیفٹی، سوشل ویلفیر اور سوشل پروٹیکشن کے موجودہ پروگرامز جن میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام، بیت المال کے زیر انتظام زکوۃ فنڈز، آئی ایف اے کے تحت انفرادی معاشی امداد، مائیکرو فائینسنگ اور بیوہ خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے کئی پروگرامز موجود تو ضرور ہیں جو کہ سب کے سب انتہائی پسماندہ خواتین کی کسی حد تک مالی معاونت کرنے کے لیے ہیں لیکن بیواؤں کے مذکورہ بالا مسائل میں دادرسی کے لیے کوئی مخصوص ریاستی ادارہ یا نظام موجود نہیں۔ بیوہ عورتیں ان تنظیموں کے دائرے سے باہر کہیں پوشیدگی کی سفید چادر میں لپٹی سسکتی ہوئی زندگی کے دن پورے کر رہی ہیں۔

یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ بیوہ خواتین سے متعلق سخت قوانین موجود ہوں جن کی گرفت سے اپنے وہ قریبی عزیز رشتہ دار بھی نہ بچ سکیں جو انکے شخصی استحصال میں پیش پیش ہوتے ہیں۔

قرآن میں باب وراثت میں بیوہ کے حصہ سے متعلق واضح احکامات موجود ہیں۔

بیواؤں سے برتاؤ کے بارے میں آنحضرت ﷺ نے حسن سلوک اور ان کی خبر گیری کی تلقین فرمائی۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ بیواؤں اور مسکین کے لیے محنت کرنے والا اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے کی طرح ہے، یا اس شخص کی طرح ہے جو دن کو روزے رکھتا ہے اور رات کو عبادت کرتا ہے (صحیح بخاری)۔

مگر صد افسوس کہ ہمارا معاشرہ ان سنہری تعلیمات کو یکسر فراموش کر چکا ہے جبکہ بیوہ کو اپنی حیثیت میں خود مختار انسان سمجھتے ہوئی زندگی کرنے کا اختیار دینا اسی پر نہیں بلکہ آنے والی نسلوں پر احسان کرنے جیسا ہے۔

شوبز SHOWBIZ

زندگی جینا اپنے سابق شوہر سے سیکھا ہے، فریال محمود

گزشتہ چند برسوں میں زندگی میں بہت کچھ دیکھ لیا ہے، ایک بار پھر شادی کا عندیہ

کراچی (این این آئی) پاکستانی اداکارہ فریال محمود نے اعتراف کیا ہے کہ انہوں نے زندگی جینا اپنے سابق شوہر سے سیکھا ہے۔ باصلاحیت اور بے باک خیالات کا اظہار کرنے والی اداکارہ فریال محمود نے حال ہی میں نجی پوڈکاسٹ میں بطور مہمان شرکت کی جہاں انہوں نے مختلف امور پر کھل کر گفتگو کی۔ انہوں نے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے انکشاف کیا کہ انہوں نے دانیال راحیل سے اپنی نہیں بلکہ والدہ کی مرضی سے شادی کی اور گزشتہ چند برسوں میں خود کو قریب سے جاننے کی کوشش کی ہے۔

اداکارہ جھانوی کپور تیلگو فلم میں ایک ساتھ نظر آئیں گے

جھانوی کی والدہ سری دیوی نے بھی مختلف زبانوں کی فلموں میں کام کیا تھا

ممبئی (این این آئی) تیلگو سپر اسٹار رام چرن اور بالی وڈ اداکارہ جھانوی کپور نئی فلم میں ایک ساتھ نظر آئیں گے۔ اداکارہ کے والد اور نامور فلمساز بونی کپور نے ایک تازہ انٹرویو میں بتایا کہ یہ جھانوی کپور کی دوسری تیلگو فلم ہوگی۔ اداکارہ کی ڈیبیو تیلگو فلم 'دیورا' جلد ریلیز ہونے والی ہے جس میں وہ جونیئر این ٹی آر کے ساتھ ایکشن میں نظر آئیں گی۔ بونی کپور نے بتایا کہ ان کی بیٹی اس وقت بہت ساری تیلگو فلمیں دیکھ رہی ہے اور اسے وہاں کام کرنا بہت پسند ہے۔ فلمساز کے مطابق جھانوی کی والدہ سپر اسٹار سری دیوی نے بھی مختلف زبانوں کی فلموں میں کام کیا تھا۔

نصیرالدین شاہ نے بالی ووڈ فلمیں دیکھنا چھوڑ دیں

ہم ہندی سنیما کے 100 سال پرانا ہونے پر فخر محسوس کرتے ہیں، نصیرالدین شاہ

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے سینئر اداکار نصیر الدین شاہ نے انکشاف کیا ہے کہ اُنہوں نے بالی ووڈ فلمیں دیکھنا چھوڑ دی ہیں۔ نصیر الدین شاہ نے اپنے ایک حالیہ انٹرویو میں کہا ہے کہ یہ بہت مایوس کن بات ہے کہ ہم ہندی سنیما کے 100 سال پرانا ہونے پر فخر محسوس کرتے ہیں لیکن فلمیں وہی پرانی گھسی پٹی کہانیوں پر مبنی ہوتی ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ مجھے وہی پرانی کہانیاں بالکل پسند نہیں ہیں اسی لیے میں نے ہندی فلمیں دیکھنا چھوڑ دی ہیں۔ اداکار نے مزید کہا کہ ہندوستانی کھانا ہر جگہ پسند کیا جاتا ہے کیونکہ اس میں اچھا مواد ہوتا ہے لیکن ہندی فلموں کا مواد کیسا ہے؟ بیرون ملک رہنے والے ہندوستانی بالی ووڈ فلمیں ضرور دیکھتے ہیں کیونکہ یہ اُنہیں اپنے ملک کی یاد دلاتی ہیں لیکن بہت جلد ہی وہ بھی ایسی فلموں سے تنگ آجائیں گے کیونکہ ان فلموں کا مواد اچھا نہیں ہے۔ اُنہوں نے بھارتی فلمسازوں کو مشورہ دیتے ہوئے کہا کہ جو لوگ سنجیدہ موضوعات پر فلمیں بنانا چاہتے ہیں تو یہ ان کی ذمہ داری ہے کہ وہ آج کی حقیقت کو اس طرح پیش کریں کہ اُنہیں فتویٰ نہ ملے یا اُنہیں کس قسم کی پابندی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

فرخ مون کی اپنے استاد گلوکار سونو نگم سے دبئی میں ملاقات

فرخ علی مون کو بالی ووڈ فنکاروں میں چھوٹی سے عمر میں ہی کافی پذیرائی حاصل ہوچکی ہے



دبئی (این این آئی) بھارتی میوزک پروگرام چھوٹے استاد سے بین الاقوامی شہرت حاصل کرنے والے گلوکار فرخ علی مون کی اپنے پسندیدہ اور شہرہ آفاق بھارتی گلوکار سونو نگم سے 14 سال بعد دبئی میں ملاقات ہوئی، دونوں نے جذباتی ملاقات کے دوران ایک دوسرے کو گلے لگایا۔ سونو نگم اپنے شاگرد و پاکستانی گلوکار فرخ علی مون کو گلے لگا کر بوسے دیتے ہوئے آنکھوں میں آنسوں لیے اپنے جذبات کا اظہار کرتے رہے۔ اس ملاقات کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی ہے۔ واضح رہے کہ دونوں گلوکاروں نے دبئی میں منعقدہ ارینا کلب میں منعقدہ میوزک کنسرٹ میں ملاقات کی۔

گھر کے باہر مداحوں کو دیکھ کر امیتابھ بچن آبدیدہ

ممبئی (این این آئی) گھر کے باہر ملنے کیلئے آنے والے مداحوں کو دیکھ کر بالی ووڈ کے لیجنڈری اداکار امیتابھ بچن آبدیدہ ہوگئے۔ بھارت میں سیلبریٹیز کو دیکھنے کیلئے پرستار انکے گھر کے باہر جمع ہوتے ہیں اور نامور شخصیات اپنے مداحوں کے سامنے آتی ہیں اور ہاتھ ہلا کر انہیں جواب بھی دیتی ہیں۔ ایسے ہی بالی ووڈ کے شہنشاہ امیتابھ بچن کے مداح انہیں دیکھنے کیلئے ممبئی کے علاقے جوہو میں موجود انکے گھر کے باہر جمع ہوئے۔ اس حوالے سے خود امیتابھ بچن نے سوشل میڈیا پر ویڈیو شیئر کی جس میں انہیں مداحوں کے سامنے ہاتھ ہلاتے ہوئے اور مداحوں کیلئے آٹوگراف لکھتے ہوئے دیکھا جاسکتا ہے۔

کھانے کی میز کے آداب مس یونیورس بننے کے بعد سیکھے، سشمیتا سین

18 برس کی عمر میں مس یونیورس بننے والی سشمیتا سین نے 29 برس پرانا قصہ شیئر کیا

ممبئی (این این آئی) سابقہ مس یونیورس سشمیتا سین نے کھانے کی میز کے آداب سے متعلق اپنی زندگی کا ایک قصہ شیئر کردیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق 1994ء میں صرف 18 برس کی عمر میں مس یونیورس بننے والی سشمیتا سین نے 29 برس پرانا قصہ شیئر کیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ میں مس یونیورس بننے کے بعد کھانے کی ٹیبل کے آداب سیکھیا اور طے کیا کہ 'تقریب میں گھر سے پیٹ بھر کے کھانا کھا کر جاؤ۔ اپنے تازہ انٹرویو میں سشمیتا سین نے کہا کہ مس یونیورس کا ٹائٹل جیتنے کے بعد میں نے ایک بہت بڑے ڈنر میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی

حیدرآباد میں سری دیوی کیلئے گھر خریدنا چاہتا تھا، بونی کپور

اپنی مادری زبان کی تامل فلموں کے علاوہ وہ کم از کم 70-75 تیلگو فلمیں بھی کررہی تھیں



حیدرآباد (این این آئی) بالی ووڈ کے معروف پروڈیوسر بونی کپور نے انکشاف کیا ہے کہ وہ جنوبی بھارتی شہر حیدرآباد میں اپنی آنجہانی اہلیہ سری دیوی کیلئے گھر خریدنا چاہتے تھے۔ واضح رہے کہ چھ برس قبل (فروری 2018) دبئی میں انتقال کرجانے والی 54 سالہ سری دیوی نہ صرف بالی ووڈ بلکہ پورے بھارت میں بہت ہی معروف اور پسند کی جانے والی اداکارہ تھیں۔ ایک حالیہ انٹرویو میں بونی کپور نے اس حوالے سے بتایا کہ اسکی وجہ یہ تھی کہ سری دیوی کو حیدرآباد بہت پسند تھا اور اپنی مادری زبان کی تامل فلموں کے علاوہ وہ کم از کم 70-75 تیلگو فلمیں بھی کررہی تھیں۔ واضح رہے کہ سری دیوی تامل ناڈو کی رہنے والی تھیں۔ بونی کپور نے کہا کہ انہیں حیدرآبادی کھانے بھی بہت پسند تھے

سپورٹس SPORTS

ڈچ ہاکی کلب ہالینڈ اور ہائر ایجوکیشن کمیشن کے درمیان 3 میچز کی سیریز ایک ایک سے برابر ہوگئی

لاہور (این این آئی) ڈچ ہاکی کلب ہالینڈ اور ہائر ایجوکیشن کمیشن کے درمیان 3 میچز کی سیریز ایک ایک سے برابر ہوگئی، دوسرا میچ بدھ کے روز نیشنل ہاکی سٹیڈیم میں کھیلا گیا، ڈچ ہاکی کلب ہالینڈ نے ہائر ایجوکیشن کی ٹیم کو سنسنی خیز مقابلے کے بعد 3-4 سے ہرا دیا ہے، سابق وزیر کھیل پنجاب رانا مشہود احمد خان میچ کے مہمان خصوصی تھے، اس موقع پر ڈی جی سپورٹس پنجاب ڈاکٹر آصف طفیل، سابق کپتان قومی کرکٹ ٹیم محمد یوسف، المرا فاؤنڈیشن کی چیئرپرسن صوفیہ وڑائچ، ڈی آئی جی محبوب اسلم، اولمپئن خواجہ جنید، ڈائریکٹر سپورٹس یاسمین اختر، ڈائریکٹر یوتھ افیئرز رانا ندیم انجم اور ڈپٹی ڈائریکٹر عطاء الرحمن، ڈائریکٹر سپورٹس ایچ ای سی جاوید میمن، قومی کبڈی ٹیم کے نائب کپتان شفیق چشتی بھی موجود تھے، مہمانوں کا کھلاڑیوں سے تعارف کروایا گیا اور گروپ فوٹوز بھی بنوائے گئے، میچ ایس بی پی خواجہ جنید ہاکی اکیڈمی کے زیر اہتمام کھیلا گیا اس موقع پر ڈی جی سپورٹس پنجاب ڈاکٹر آصف طفیل نے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایچ ای سی بلی ڈچ ہاکی کلب ہالینڈ اور ہائر ایجوکیشن پاکستان کی ٹیموں کے درمیان ہاکی کے بہترین میچز ہو رہے ہیں،

فاسٹ بولر حسن علی نے پرواز میں میزبانی کے فرائض سنبھال لیے

لاہور (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے فاسٹ بولر حسن علی نے پاکستان ایئر لائنز کی پرواز میں میزبانی کے فرائض سنبھال لیے جس کی ویڈیو وائرل ہو رہی ہے۔ حسن علی اپنی شرارتوں سے سوشل میڈیا پر کافی مقبول رہتے ہیں، کبھی کھیل کے میدان سے تو کبھی اپنی ٹیم کے دیگر کھلاڑیوں کے ساتھ موج مستی کرتے ہوئے ان کی ویڈیوز سامنے آتی رہتی ہیں۔ اب حال ہی میں فاسٹ بولر کی ایک ویڈیو منظر عام پر آئی جس میں وہ قومی ایئر لائن میں سوار ہیں اور اس کی میزبانی کر رہے ہیں۔ ویڈیو میں حسن علی کو کراچی کنگز کی شرٹ پہنے دیکھا جاسکتا ہے، اور وہ پرواز کے دوران میزبانی کے فرائض انجام دیتے ہوئے اپنے ساتھیوں کو حفاظتی اقدامات کے حوالے سے آگاہی دے رہے ہیں۔ اتنا ہی نہیں ہنسی مذاق کرنے والے حسن علی کے ساتھ جہاز انتظامیہ نے بھی تفریح کی اور ان کی گفتگو کے دوران انہوں نے اللہ اکبر کی صدا لگا دی جس پر تمام کھلاڑی ہنس پڑے۔ واضح رہے پی ایس ایل کا نواں سیزن شروع ہوچکا ہے جس میں حسن علی کراچی کنگز کی نمائندگی کر رہے ہیں۔

سندھ گیمز، کراچی کی بوائز اینڈ گرلز ڈوج بال ٹیموں کا اعلان

کراچی (این این آئی) کراچی ڈوج بال ایسوسی ایشن نے 18 ویں سندھ گیمز میں شرکت کرنے والی کراچی کی میل اور فی میل ٹیموں کے کھلاڑیوں اور آفیشلز کے ناموں کا اعلان کردیا ہے۔ کراچی کی بوائز ٹیم میں دانیال زبیری، ریان اسرار، محمد اذلان، ولی حسن، محمد حزیفہ، محمد سلمان اور محمد ارسل جبکہ بابر علی انیس منیجر اور حارث احمد خان کوچ ہونگے۔ کراچی ڈویژن کی گرلز ڈوج بال ٹیم میں زینب، شمال مدنی، دعا بتول، کنزیٰ علی، آمنہ بی بی، فضا خان اور سویرا عمران شامل ہیں۔



لاہور: کراچی کنگز اور پشاور زلمی کے درمیان میچ کے لئے قذافی سٹیڈیم میں ٹاس کیا جا رہا ہے۔ (فوٹو این این آئی)

لاہور: کراچی کنگز کے کھلاڑی پشاور زلمی کے بلے باز کو آؤٹ کرنے پر خوشی کا اظہار کر رہے ہیں۔ (فوٹو این این آئی)

آئیگا سوئیٹک نے تیسری مرتبہ قطر ٹوٹل اوپن ٹینس ٹورنامنٹ جیت لیا

دوحہ (این این آئی) پولینڈ کی نامور ٹینس سٹار، عالمی نمبر ایک اور ایونٹ کی ٹاپ سیڈڈ آئیگا سوئیٹک نے تیسری مرتبہ ڈبلیو ٹی اے قطر ٹوٹل اوپن ٹینس ٹورنامنٹ جیت لیا۔ 22 سالہ آئیگا سوئیٹک نے خواتین کے سنگلز مقابلوں کے فائنل میں قزاخستان کی ٹینس سٹار اور ایونٹ کی تھرڈ سیڈڈ ایلینا ریباکینا کو شکست دے کر نہ صرف ٹورنامنٹ کا کامیاب دفاع کیا بلکہ تیسری مرتبہ ویمنز سنگلز ٹائٹل اپنے نام کرلیا۔ ڈبلیو ٹی اے ایونٹ کے خواتین کے سنگلز مقابلوں کے فائنل میچ میں پولینڈ کی نامور ٹینس سٹار، عالمی نمبر ایک اور ایونٹ کی ٹاپ سیڈڈ آئیگا سوئیٹک نے انتہائی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے حریف قزاخستان کی ٹینس سٹار اور ایونٹ کی تھرڈ سیڈڈ ایلینا ریباکینا کو ٹائی بریک پر سٹریٹ سیٹس میں 6-7(8-10) اور 2-6 سے شکست دے کر ایونٹ کا کامیاب دفاع کرنے کے ساتھ ساتھ تیسری مرتبہ ٹائٹل اپنے نام کرلیا۔

بابر اعظم تیز ترین 10 ہزار رنز مکمل کرنے والے کھلاڑی بن گئے

لاہور (این این آئی) پاکستان کے اسٹار بلے باز بابر اعظم نے کھیل کے مختصر ترین فارمیٹ ٹی ٹونٹی کرکٹ میں 10 ہزار رنز مکمل کر لیے، ساتھ ہی انہوں نے دنیا میں تیز ترین 10 ہزار رنز بنانے کا ریکارڈ بھی اپنے نام کرلیا۔ بابر اعظم نے تیز ترین 10 ہزار رنز بنانے کا ریکارڈ پاکستان سپر لیگ کے دوران کراچی کنگز کے خلاف میچ کے دوران 271 اننگز میں بنایا۔ اس سے قبل یہ ریکارڈ ویسٹ انڈیز کے کرس گیل کے پاس تھا، جنہوں نے 285 اننگز میں یہ کارنامہ انجام دیا تھا۔ بابر اعظم پی ایس ایل 9 میں پشاور زلمی کی قیادت کر رہے ہیں۔ بابر اعظم اپنے کیریئر کے دوران اب تک 19 ٹیموں کے لیے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ کھیل چکے ہیں جس میں انہوں نے قومی ٹیم کے لیے 3 ہزار 698 اور کراچی کنگز کے لیے 2 ہزار 398 رنز بنائے ہیں۔ ٹی ٹوئنٹی کرکٹ کی دنیا میں صرف 12 بلے باز ہی یہ سنگ میل عبور کرچکے ہیں جس میں کرس گیل، شعیب ملک، کیرون پولارڈ، ایلکس ہیلز، ڈیوڈ وارنر، ویرات کوہلی، ایرون فنچ، روہت شرما، جوش بٹلر، کولن منرو، جیمز ونس اور ڈیوڈ ملر شامل ہیں۔

پی ایس ایل 9، پشاور زلمی کو لگاتار دوسری شکست

پشاور کی ٹیم 19.5 اوورز میں 154 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی

لاہور (این این آئی) پاکستان سپر لیگ کے نویں ایڈیشن کے چھٹے میچ میں کراچی کنگز نے کیرون پولارڈ کی جارحانہ بیٹنگ کی بدولت پشاور زلمی کو 7 وکٹوں سے شکست دے دی۔ لاہور کے قذافی اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں کراچی کنگز نے پشاور زلمی کے خلاف ٹاس جیت کر پہلے بالنگ کا فیصلہ کیا۔ پشاور کی ٹیم 19.5 اوورز میں 154 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ پہلے اوور میں صائم ایوب بغیر کوئی رن بنائے آؤٹ ہوگئے، محمد حارث 6 رنز، ٹام کوہلر کیڈمور 2 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ پشاور کی جانب سے 51 گیندوں پر 72 رنز بنا کر بابر اعظم سب سے کامیاب بلے باز رہے، ان کی اننگ میں 7 چوکے ایک چھکا شامل تھا، رومین پاول 39 اور آصف علی 23 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ اس کے علاوہ کوئی بھی بلے باز ڈبل فیگر میں بھی داخل نہیں ہوسکا۔ کراچی کنگز کے میر حمزہ اور حسن علی نے تین، تین کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا، اس کے علاوہ ڈینیئل سامس 2 اور شعیب ملک ایک وکٹ حاصل کرسکے۔ ہدف کے تعاقب میں کپتان شان مسعود صرف 12 رنز بنانے کے بعد پویلین لوٹ گئے جس کے بعد محمد اخلاق کا ساتھ دینے انگلینڈ کے جیمز ونس آئے۔ محمد اخلاق نے جارحانہ انداز اپنایا اور 13 گیندوں پر 24 رنز کی باری کھیلی لیکن اس سے قبل کہ وہ خطرناک ثابت ہوتے، لیوک وڈ نے وکٹ کیپر کی مدد سے انہیں چلتا کردیا۔ اس کے بعد تجربہ کار شعیب ملک کی وکٹ پر آمد ہوئی اور انہوں نے جیمز ونس کے ہمراہ 51 رنز جوڑ کر اسکور کو 91 رنز تک پہنچا دیا لیکن اسی مرحلے پر وقار سلام خیل کی خوبصورت گیند پر 29 رنز بنانے والے شعیب ملک اسٹمپ ہوگئے۔ جب تیسری وکٹ گری تو کراچی کنگز کو اگلی 47 گیندوں پر 8 رنز فی اوور سے زائد کی اوسط سے 64 رنز چاہیے تھے لیکن کیرون پولارڈ نے میدان میں آتے ہی میچ کا نقشہ بدل دیا۔ پولارڈ نے میدان میں آتے ہی وقار سلام خیل کو چھکا جڑا۔

بقیہ 1

حکام نے بتایا کہ مذکورہ کمپنی نے ایکسپورٹ فیسلیٹیشن اسکیم کے تحت 16ارب روپے مالیت کی درآمدی اشیا کے لیے لائسنس حاصل کیا تھا مگر برآمدات کے لیے تیار کیے گئے کپڑے مقامی مارکیٹ میں فروخت شروع کردی۔ ڈائریکٹوریٹ پوسٹ کلیئرنس آڈٹ کی ٹیم نے کمپنی کے باڑہ بازار خیبر پختونخواہ میں واقع دفتر پر چھاپہ بھی مارا، حکام نے ایکسپورٹ فیسلیٹیشن اسکیم کے تحت 24لاکھ 76ہزار کلوگرام سے زائد مختلف اقسام کے قیمتی فیبرکس درآمد کیے تھے۔ تحقیقات کے دوران اس امر کی بھی نشاندہی ہوئی کہ کمپنی کی جانب سے 2194ٹن کپڑا برآمد نہیں کیا گیا اور نہ ہی گودام میں مذکورہ کپڑے کے ذخائر موجود تھے۔ واضح رہے کہ برآمدی رعایت کے تحت تیار کپڑے کو مقامی مارکیٹ میں فروخت کرنا اسکیم میں غیر قانونی ہے۔

بقیہ 2

گردشی قرض کو منجمد رکھنے کیلئے اس سال مکمل مالی معاونت کی، رواں مالی سال گردشی قرض کو فریز رکھنے کیلئے 976ارب روپے کی فنانسنگ درکار ہے۔ ذرائع کے مطابق ڈسکوز کی کم ریکوری کے باعث 263ارب روپے کے نقصان کا تخمینہ ہے، نیپرا کے مقرر کردہ ترسیلی نقصانات سے زائد کے باعث ڈسکوز کو 201ارب کا خسارہ ہوگا۔ آئی پی پی کو بروقت رقم ادا نہ کرنے پر 177ارب روپے کا سود ادا کرنا پڑے گا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ آئی ایم ایف کے مطالبے پر ڈسکوز کا انتظامی کنٹرول اس سال کے آخر تک نجی شعبے کے حوالے کردیا جائے گا۔

بقیہ 3

کا اظہار کیا ہے۔ اقتصادی ماہرین کے مطابق افراط زر کی شرح 21فیصد سالانہ تک رکھنے کے ہدف کا حصول مشکل نظر آنے لگا ہے، مشرق وسطی کی صورت حال، ممکنہ بھاری مون سون بارشوں سے حالات گھمبیر ہوسکتے ہیں۔ اقتصادی ماہرین نے موسمی تبدیلیوں اور بین الاقوامی صورتحال کے تناظر میں بڑے معاشی خطرات کی نشاندہی کی ہے۔

بقیہ 4

کا اظہار کیا ہے۔ اقتصادی ماہرین کے مطابق افراط زر کی شرح 21فیصد سالانہ تک رکھنے کے ہدف کا حصول مشکل نظر آنے لگا ہے، مشرق وسطی کی صورت حال، ممکنہ بھاری مون سون بارشوں سے حالات گھمبیر ہوسکتے ہیں۔ اقتصادی ماہرین نے موسمی تبدیلیوں اور بین الاقوامی صورتحال کے تناظر میں بڑے معاشی خطرات کی نشاندہی کی ہے۔

بقیہ 5

ملک کے 27مقامات پر سیٹلائٹ مانیٹرنگ کے لئے 23ارب 83 کروڑ 47لاکھ روپے کے ایک نظر ثانی شدہ تخمینہ کی منظوری دیدی۔ نئے پلان کے تحت 27 مقامات پر سیٹلائٹ مانیٹرنگ کیلئے ٹیلی میٹری سسٹم نصب کیا جائے گا۔

بقیہ 6

سیکٹر کی درآمدات 197 فیصد بڑھیں۔ ادارہ شماریات کے اعداد وشمار کے مطابق جنوری 2024 میں 19 کروڑ 49لاکھ ڈالرز سے زائد کے موبائل منگوائے گئے جو سالانہ بنیادوں پر 275.15فیصد اضافہ جبکہ ٹیلی کام سیکٹر کی درآمدات 23 کروڑ 27 لاکھ ڈالرز سے زائد رہیں جو سالانہ بنیادوں پر 197 فیصد اضافہ ظاہر کرتی ہیں۔ جولائی تا جنوری موبائل فونز کی درا؟ مدات میں سالانہ بنیادوں پر 138 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا اور 98 کروڑ 75 لاکھ ڈالرز کے موبائل فون درآمد کیے گئے۔ گزشتہ سال اسی عرصے میں 41 کروڑ 48 لاکھ ڈالر کے موبائل فونز منگوائے گئے تھے۔ جولائی تا جنوری ٹیلی کام سیکٹر کی درآمدات ایک ارب 24 کروڑ 33 لاکھ ڈالرز سے زائد رہیں۔

بقیہ 7

نے حکومت کو 262ادویات کی قیمتیں بڑھانے کی سمری بھیجی تھی تاہم حکومت نے لسٹ میں شامل جان بچانے والی 146ادویات کی قیمتوں میں اضافہ کیا ہے۔ حکام کے مطابق لسٹ میں شامل 116ادویات کی قیمتیں فارماسیوٹیکل کمپنیاں خود بڑھائیں گی، حکومت اب صرف نیشنل اسینشل میڈیسنز لسٹ میں شامل 464ادویات کی قیمتوں پر کنٹرول رکھے گی۔ حکومت نے گزشتہ روز ادویات کی قیمتیں ڈی ریگولیٹ کرکے فارماسیوٹیکل کمپنیوں کو قیمتیں ازخود بڑھانے کی اجازت دی تھی۔

بقیہ 8

نی والے نوجوان افراد کو سگریٹ نوشی کا استعمال ترک کرنے پر مجبور کیا جاسکتا ہے۔ بدھ کو اپنے ایک بیان میں سوسائٹی فار دی پروٹیکشن آف دی رائٹس آف چائلڈ (سپارک) کے بیان میں ماہرین صحت کہا کہ تمباکو پر ٹیکس میں اضافے جیسے اقدامات صحت کی دیکھ بھال کیلئے بھی ضروری ہیں اور اس سے معیشت بھی بہتر ہوگی، اس موقع پر ٹوبیکو فری کڈز (سی ٹی ایف) کے کنٹری ڈائریکٹر ملک عمران احمد نے کہا کہ سگریٹ پر ٹیکس میں اضافے سے سگریٹ نوشی کو روکنے میں مدد مل سکتی ہے،، انہوں نے کہا کہ سگریٹ ٹیکسز میں سالانہ اضافہ کرکے پالیسی ساز سگریٹ نوشی کم کرنے میں نمایاں کمی لاسکتے ہیں، انہوں نے کہا کہ یہ اقدام تمباکو نوشی سے ہونے والی بیماریوں کو کم کرنے کے ساتھ ساتھ تمباکو نوشی سے پیدا ہونے والی بیماریوں پر قابو پا کر اسپتال پر بڑھتے ہوئے مریضوں کے رش میں بھی کمی لانے میں معاون ثابت ہونگے، ملک عمران نے پاکستان میں سگریٹ نوشی کے حیران کن معاشی نقصان پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ ملک بھر میں سالانہ 615.07 بلین روپے دھوئیں کی نذر کیے جاتے ہیں جو کہ ملک کی مجموعی پیداوار (جی ڈی پی) کے 1.6 فیصد کے برابر ہے

بقیہ 9

کارروائی کرنا سپریم جوڈیشل کونسل کا ہی اختیار ہے، عدلیہ، عوام اور حکومت کے درمیان ثالث کا کردار ادا کرتی ہے، عدلیہ بنیادی حقوق کی ضامن ہے اس لیے اسے آزاد ہونا چاہیے، عدلیہ کی آزادی کے لیے ججز کا احتساب لازم ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر احتساب سے اعتراض برتا جائے تو اس سے عدلیہ کی آزادی متاثر ہوگی، عدلیہ کی آزادی کے لیے سپریم جوڈیشل کونسل کو خود متحرک ہونا چاہیے، آرٹیکل 209 کے تحت ججز کے خلاف انکوائری کا اختیار صرف سپریم جوڈیشل کونسل کو ہے، ججز کوڈ آف کنڈکٹ کی خلاف ورزی کریں تو ضروری نہیں کہ ان کی برطرفی کی سفارش کی جائے، اگر کوئی جج ذہنی بیماری میں مبتلا ہو تو اس کا علاج ممکن ہے۔ اٹارنی جنرل نے عدالت کو بتایا کہ جن بیماریوں کا علاج ممکن ہے ان کی بنیاد پر کونسل جج کو کچھ عرصے کی رخصت دے سکتی ہے، ضروری نہیں ہے کہ انہیں برطرف یا جائے، وقت کی پابندی نہ کرنے پر جج کے خلاف شکایت ہو تو کونسل برطرفی کے بجائے تنبیہ کرسکتی ہے، کونسل کے سامنے شکایت آجائے تو اس پر کوئی نہ کوئی رائے دینا لازم ہے، جج ریٹائرمنٹ کے بعد چیف الیکشن کمشنر، شریعت کورٹ کے ججز یا ٹربیونلز جیسے آئینی عہدوں پر مقرر ہوتے ہیں۔ منصور عثمان نے کہا کہ ضروری ہے کہ جج کے اوپر لگے الزام پر کونسل اپنی رائے دے تا کہ آئینی عہدوں پر ان کی تعیناتی ہو سکے، ججز کا احتساب ہونا چاہیے لیکن اس احتساب سے سپریم کورٹ کا وقار کم نہیں ہونا چاہیے، ججز کے خلاف کارروائی کوئی اور ادارہ نہیں کرسکتا، عوامی اعتماد کے لیے سپریم جوڈیشل کونسل کو شفافیت سے کام کرنا چاہیے، اس موقع پر جسٹس عرفان سعادت نے کہا کہ مثال موجود ہے کہ ایک جج کے خلاف آرٹیکل 209 کی کارروائی شروع کی گئی اور ان کے استعفیٰ پر ختم کر دی گئی۔ جسٹس حسن اظہر رضوی نے ریمارکس دیئے کہ یہ معاملہ 2019 کا ہے تو اٹارنی جنرل آفس نے 5 سال تک کیوں کوئی ایکشن نہیں لیا؟ جسٹس جمال مندوخیل نے کہا کہ کسی جج کے خلاف کارروائی دوبارہ کرنی ہے یا نہیں یہ فیصلہ کونسل کا ہوگا۔ بعد ازاں جسٹس امین الدین کی سربراہی میں 5رکنی بینچ نے فریقین کے وکلا کے دلائل سننے کے بعد وفاقی حکومت کی اپیل پر فیصلہ محفوظ کیا تھا، سپریم کورٹ نے 4-1 سے اکثریتی فیصلہ سنا دیا ہے، جسٹس حسن اظہر رضوی نے اکثریتی فیصلے سے مخالفت کی ہے۔ فیصلے میں بتایا گیا ہے کہ اگر جوڈیشل کونسل کی کارروائی کے دوران جج استعفیٰ دے تو جوڈیشل کونسل کارروائی جاری رکھ سکتی ہے۔ فیصلے کے مطابق جب سپریم جوڈیشل کونسل کارروائی شروع کردے تو استعفیٰ یا ریٹائرمنٹ پر کارروائی ختم نہیں ہوسکتی ہے، ایسے میں کارروائی ختم کرنے کا اختیار سپریم جوڈیشل کونسل کا ہے۔ یاد رہے کہ 16 فروری کو سپریم کورٹ آف پاکستان کے سابق جج جسٹس (ریٹائرڈ) مظاہر علی اکبر نقوی نے کہا تھا کہ آئین، قانون اور عدالتی فیصلوں کے مطابق ریٹائرڈ ججز کے خلاف کارروائی سپریم جوڈیشل کونسل کا دائرہ اختیار نہیں ہے۔ سیکرٹری سپریم جوڈیشل کونسل کو لکھے گئے خط میں جسٹس (ریٹائرڈ) مظاہر علی اکبر نقوی نے کہا کہ سپریم جوڈیشل کونسل کی کارروائی میرے استعفے کے باوجود جاری ہے، میں 10 جنوری کو مستعفی ہو چکا ہوں جب کہ صدر مملکت نے میرا استعفیٰ منظور بھی کرلیا ہے۔ خیال رہے کہ مظاہر نقوی نے 10 جنوری کو استعفیٰ اپنے عہدے سے استعفی دے دیا تھا اور اسی روز سپریم جوڈیشل کونسل کے جاری شوکاز نوٹس کا تفصیلی جواب جمع کراتے ہوئے خود پر عائد الزامات کی تردید کی تھی جبکہ اس سے ایک روز قبل سپریم کورٹ آف پاکستان نے ان کی سپریم جوڈیشل کونسل کی کارروائی روکنے کی درخواست مسترد کردی تھی۔ یاد رہے کہ 31 جنوری کو سپریم کورٹ نے اعلی عدلیہ کے سابق ججز کے خلاف کارروائی نا کرنے کے فیصلے کے خلاف وفاقی حکومت کی جانب سے دائر درخواست پر سماعت کرتے ہوئے فریقین کو نوٹس جاری کر دیئے۔ دوران سماعت اٹارنی جنرل نے عدالت کو بتایا کہ وفاقی حکومت نے پریکٹس اینڈ پروسیجر ایکٹ کے تحت انٹرا کورٹ اپیل دائر کی ہے۔ 24 جنوری کو وفاقی حکومت نے سپریم کورٹ کے سامنے ایک انٹرا کورٹ اپیل دائر کی جس میں عافیہ شہر بانو ضیا کے 2023 کے فیصلے کو اس بنیاد پر چیلنج کیا تھا کہ آئین کے آرٹیکل 209 کو ریٹائرڈ یا مستعفی جج پر ناقابل عمل بنا کر سپریم جوڈیشل کونسل کو عملی طور پر بے کار کردیا گیا ہے۔ اپیل میں سپریم کورٹ سے استدعا کی گئی ہے کہ جن ججوں کے خلاف آئین کے آرٹیکل 209 کے تحت کارروائی شروع کی گئی ہے ان کے خلاف کارروائی کی جائے اور ان کے استعفوں کی وجہ سے ایسی کارروائی کو روکا نا جائے۔

بقیہ 10

خان، مجاہد حسین نقوی، اراکین ایگزیکٹو باڈی افشاں قریشی، ثوبیہ مشرف، رانا فرحان اسلم، کامران چوہدری، علی اختر، توصیف عباسی، ناصر سلیم، نوابزادہ شاہ علی، غفران احمد، سید اور رضوان حیدر شامل ہیں کو کامیابی پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ نومنتخب عہدیداران کا انتخاب ان کی قائدانہ صلاحیتوں پر صحافی برادری کے اعتماد کا مظہر ہے اور پارلیمان آزادی اظہار رائے کے بنیادی اور جمہوری حق پر کامل یقین رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آزاد، فعال اور متحرک میڈیا جمہوریت کی مضبوطی اور جمہوری اقدار کے فروغ کے لئے ناگزیر ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے اس امید کا اظہار کیا کہ راولپنڈی اسلام آباد یونین آف جرنلسٹس کے نومنتخب عہدیداران صحافی برادری کی امیدوں پر پورا اتریں گے اور صحافی برادری کی فلاح و بہبود اور مسائل کے حل کے لئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔

بقیہ 11

سندھ ہائیکورٹ میں ملک میں انٹرنیٹ سروس بندش کیخلاف درخواستوں کی سماعت ہوئی۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے آپ انٹرنیٹ بند کردیتے ہیں، آپ نے لوگوں کو الیکشن لڑنے نہیں دیا۔ آپ لوگوں نے کسی کو بھی الیکشن کمپین چلانے نہیں دی۔ چیف جسٹس سندھ ہائی کورٹ عقیل احمد عباسی نے سماعت کرتے ہوئے کہا کہ ابھی تک نیٹ نہیں چل رہا ہے، ہائی کورٹ تک میں نہیں چل رہا ہے، نیٹ کب چلاؤ گے؟ درخواست گزار کے وکیل نے بتایا کہ الیکشن کے دن انٹرنیٹ بند کردیا گیا۔ پی ٹی اے کے وکیل نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ پی ٹی اے وزارت داخلہ کے احکامات پر عمل کرتی ہے، وزارت اطلاعات اور وزارت داخلہ کے احکامات پر عمل درآمد کیا ہے، انٹیلی جنس اداروں کی رپورٹ پر انٹرنیٹ بند کیا گیا تھا۔ عدالت نے ریمارکس دیئے کہ جمہوری عمل کو چلانے کے لئے کس چیز کے سیکورٹی خدشات ہیں؟ پی ٹی اے کے وکیل نے موقف دیا کہ ہمیں جو ہدایات ملی تھیں اس پر عمل درآمد کیا گیا۔ چیف جسٹس سندھ ہائی کورٹ عقیل احمد عباسی نے کہا کہ لوگوں کو الیکشن تک نہیں لڑنے دیا گیا، لوگ انٹرنیٹ کے ذریعے مہم چلانا چاہ رہے تھے، پھر الیکشن نہ کرایا کریں۔ پی ٹی اے کے وکیل نے جواب دیا کہ ہمارے پاس جو ہدایت آئی اس پر عمل درآمد کیا ہے۔ عدالت نے ریمارکس دیئے کہ آپ نے منسٹری آف انٹیریئر سے ملنے والی ہدایات کا لیٹر فائل کیا ہے؟ سرکاری وکیل نے موقف دیتے ہوئے کہا کہ لیگل معاملات تھے جس کی وجہ سے اقدام اٹھانا پڑا۔ عدالت نے سرکاری وکیل سے مکالمے میں کہا کہ بہت اچھا الیکشن کروایا گیا آپ لوگوں نے پوری دنیا میں واہ واہ ہورہی ہے۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ معاملات اس پہلے ہاتھ سے نکل جائیں کوشش کریں معاملات ٹھیک کرنے کی۔ آپ لوگ اپنا کام بہتر طریقے سے کریں ہم اپنا کام کریں گے۔ انتخابات والے روز انٹرنیٹ سروس کس کی ہدایت پر بند کی گئی؟ پی ٹی اے کے وکیل نے موقف اپنایا کہ انٹیریئر منسٹری نے انفارمیشن منسٹری کو ہدایت دی پھر ہمیں ہدایت ملنے پر انٹرنیٹ سروس انتخابات والے دن بند کی گئی تھی۔ جسٹس مبین لاکھو نے کہا کہ تھریٹس بتائیں جن کی وجہ سے انٹرنیٹ بند کردیا گیا تھا۔

بقیہ 12

گورنر پنجاب کے لیے 3 نام زیر غور ہیں۔ ذرائع کے مطابق گورنر پنجاب کے لیے مخدوم احمد محمود، قمر زمان کائرہ اور ندیم افضل چن کے نام زیر غور ہیں۔ اس حوالے سے ذرائع کا کہنا ہے کہ مخدوم احمد محمود پارٹی قیادت کی پہلی ترجیح ہوں گے کیونکہ وہ مسلم لیگ (ن) کے لیے بھی قابل قبول ہوں گے۔

بقیہ 13

سینٹر قائم کر دیا گیا ہے جس میں نومنتخب معزز ممبران کی رجسٹریشن کے علاوہ کارڈز اور دیگر ضروری دستاویزات کیلئے فوٹو بنائے جائیں گے۔ سینٹر (آج) 22فروری سے قومی اسمبلی کے افتتاحی اجلاس تک صبح 10 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک نومنتخب ممبران قومی اسمبلی کی رجسٹریشن کیلئے خدمات سرانجام دیتا رہے گا۔ نومنتخب ممبران سے درخواست ہے کہ وہ رجسٹریشن کے سلسلے میں کسی دشواری سے بچنے کیلئے (آج) 22فروری سے اپنی رجسٹریشن کیلئے تشریف لائیں۔ نومنتخب ممبران قومی اسمبلی رجسٹریشن کیلئے اپنے قومی شناختی کارڈ سمیت دیگر ضروری دستاویزات ہمراہ رکھیں۔

بقیہ 14

عمر بھر کی معذوری سے بچانے کے لیے پولیو سے بچاؤ کی حفاظتی ویکسین وٹامن اے کیپسول پلوائیں اور 26فروری سے 28فروری کے دوران انسداد پولیو مہم کو کامیابی سے ہمکنار کرنے کے لئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں یہ بات انہوں نے ڈی سی آفس کے کمیٹی روم میں پولیو مہم کے سلسلے میں انتظامات کا جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی اس موقع پر سی ای او ہیلتھ، ڈی ایچ او پی ایس محکمہ صحت کے افسران ڈبلیو ایچ او کے نمائندہ اور دیگر محکموں کے افسران موجود تھے۔ واضح رہے کہ فروری سے 28 فروری کے دوران پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو پولیو ٹیمیں گھر گھر جاکر ویکسین کے قطرے پلائیں گی جبکہ کیچ اپ ایکٹویٹی 29 فروری اور 1 مارچ تک کی جائے گی۔ انسداد پولیو مہم کے دوران ضلع بہاول نگر میں پانچ سال تک کی عمر کے (592575) بچوں کو پولیو کی حفاظتی ویکسین دی جائے گی۔ اس مقصد کے لیے مجموعی طور پر ضلع بھر میں 2786 ٹیمیں فرائض سرانجام دیں گی جن میں 136 فکس، 2562 موبائل اور 88 ٹرانزٹ ٹیمیں شامل ہیں۔

بقیہ 15

امریکی محکمہ خارجہ کے مطابق جب مداخلت کے کسی بھی دعوے یا الزام کی بات آتی ہے تو ہم اس کی مکمل تحقیقات دیکھنا چاہتے ہیں۔ سوشل میڈیا پر پابندی کے سوال پر میتھیو ملر نے کہا کہ دنیا بھر میں انٹرنیٹ کی آزادی دیکھنا چاہتے ہیں۔

بقیہ 16

ایف سی) کے تحت پاکستان میں کھربوں ڈالر کی معدنیات کا شعبہ ترقی کی نئی منازل طے کر رہا ہے، نمک کی برآمد میں اضافے سے پاکستان اور امریکا کے تجارتی تعلقات مزید مضبوط ہوں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے امریکی کمپنی مریکل سالٹ کلکیلو انکارپوریشن کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا جس نے چیئرمین و پریزیڈنٹ بورڈ آف ڈائریکٹرز احمد ندیم خان کی سربراہی میں ان سے ملاقات کی۔ بدھ کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں نگران وفاقی وزیر توانائی محمد علی اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے بھی شرکت کی۔ ملاقات میں وزیراعظم نے اس امید کا اظہار کیا کہ گزشتہ روز پی ایم ڈی سی اور مریکل سالٹ کے مابین دستخط ہونے والے جوائنٹ وینچر کے بعد پاکستان کی نمک کی برآمدات میں اضافہ ہوگا اور یہ امریکا پاکستان کے تجارتی تعلقات کو مزید مضبوط کرے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ یہ منصوبہ اس بات کا مظہر ہے کہ پاکستان میں بیرونی سرمایہ کاری کیلئے موزوں ترین مواقع موجود ہیں، ہمالیائی گلابی نمک پوری دنیا میں پاکستان کی پہچان ہے، اس کی بین الاقوامی منڈیوں میں برآمد خوش آئند امر ہوگا۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان میں کھربوں ڈالر کی معدنیات کے ذخائر موجود ہیں، خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کے تحت پاکستان میں اس شعبے کی ترقی کی نئی منازل طے کی جارہی ہیں، نگران حکومت کی قلیل مدت میں بیرونی سرمایہ کاری کے فروغ اور کاروبار کو سہولت دینے کیلئے اقدامات اٹھائے گئے جس کے مثبت نتائج آرہے ہیں۔ مریکل سالٹ کے وفد نے حکومت بالخصوص خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کے کمپنی کے ساتھ تعاون پر شکریہ ادا کیا۔ وفد نے وزیراعظم کو بتایا کہ کمپنی کی پاکستان میں تشکیل کے بعد اسے دنیا بھر کی بڑی سٹاک ایکسچینجز پر لسٹ کیا جائے گا جس سے حکومت پاکستان اور مقامی سرمایہ کاروں کو بھی فائدہ ہوگا۔ وفد کی جانب سے نگران وزیراعظم کو نمک کی کان کنی کے علاقوں میں مقامی آبادی کی معاشی بہتری، تعلیم و صحت اور روزگار کی فراہمی کے حوالے سے مرتب کردہ لائحہ عمل سے بھی آگاہ کیا گیا۔

بقیہ 17

گریز کرے۔ پیشرفت سے باخبر عہدیدار نے بتایا کہ الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے آج صوبائی اسمبلی میں مختص نشستوں کا آج نوٹی فکیشن جاری کیے جانے کا امکان ہے۔ ذرائع نے اصرار کیا کہ قانونی معاملات کے درمیان سنی اتحاد کونسل کو اپنا حصہ ملنے کا امکان نہیں، نوٹ کیا کہ ایس آئی سی کے سربراہ نے خود اپنی پارٹی کے ٹکٹ پر الیکشن نہیں لڑا تھا، اس کے علاوہ مخصوص نشستوں کے لیے امیدواروں کی فہرست جمع کرانے کی آخری تاریخ گزر چکی ہے۔

بقیہ 18

بتایا کہ پہلا مطالبہ ہے کہ این ایف سی سے رقم صوبوں کے بجائے مقامی حکومتوں کو براہ راست منتقل کی جائے، دوسرا مطالبہ ہے کہ مقامی حکومتوں کا تسلسل ہو اور جس صوبے میں ایسا نہ ہو وہاں عام انتخاب روکا جائے۔ ذرائع کے مطابق ایم کیو ایم کا تیسرا مطالبہ ہے کہ کوٹہ سسٹم پر ملک بھر میں عمل درآمد یقینی بنایا جائے۔ ذرائع کے مطابق ایم کیو ایم کا مطالبہ ہے کہ تینوں معاملات پر قانونی تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔ ذرائع نے بتایا کہ ایم کیو ایم نے سندھ کے لیے گورنر شپ اور وزارتوں پر بھی مطالبات کر رکھے ہیں، مسلم لیگ ن نے کل کہا تھا کہ پیپلز پارٹی سے مذاکرات کی کامیابی کے بعد ان سیاسی مطالبات پر فیصلہ ہوسکے گا۔ ذرائع کے مطابق ایم کیو ایم کامران ٹیسوری کو گورنر کے عہدے پر برقرار رکھنے کا مطالبہ کررہی ہے۔

بقیہ 19

کہنا تھا کہ بھارت میں قید پاکستانیوں کی تعداد 706 ہے، سعودی عرب میں قید پاکستانیوں کی تعداد 12ہزار 156 ہے جبکہ متحدہ عرب امارات میں قید پاکستانیوں کی تعداد 5ہزار 292 ہے۔

بقیہ 20

پاک بحریہ کی کاوشوں کو بھی اجاگر کیا۔ وائس ایڈمرل نے پاک بحریہ کو جدید ٹیکنالوجی کی فراہمی پر ڈیمن شپ یارڈ انتظامیہ کو سراہا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق پہلے یرموک کلاس جہاز کے بعد پی این ایس تبوک پاک بحریہ میں شامل ہوا تھا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق یرموک کلاس کے آخری 2 جہاز پی این ایس حنین اور پی این ایس یمامہ ہیں۔

بقیہ 21

پاکستان بالخصوص پنجاب کے عوام کی شکر گزار ہوں، ایک نئے جذبے، عزم اور خلوص کے ساتھ عوام کی خدمت کے ایک نئے سفر کا آغاز کر رہے ہیں، نواز شریف کے ویژن کے مطابق عوام سے کیا گیا ایک ایک وعدہ پورا کریں گے، ملک کی پہلی خاتون وزیراعلی نامزدگی کا اعزاز ہر ماں، بہن اور بیٹی کے نام کرتی ہوں، اللہ تعالی مجھے اپنی مخلوق کی بہترین انداز میں خدمت کی توفیق عطا فرمائے۔ مسلم لیگ (ن) کی چیف آرگنائزر و وزیر اعلیٰ پنجاب کی نامزد امیدوار مریم نواز کی زیر صدارت پارلیمانی پارٹی کا اجلاس ہوا جس میں پنجاب اسمبلی کے منتخب ہونے والے لیگی اراکین نے شرکت کی، اجلاس میں آزاد منتخب ہو کر (ن) لیگ میں شمولیت اختیار کرنے والے نومنتخب اراکین اسمبلی بھی شریک ہوئے۔ (ن) لیگ کی پارلیمانی پارٹی نے مریم نواز کو وزیراعلی پنجاب نامزد کرنے کے قیادت کے فیصلے کی توثیق کردی، پارلیمانی پارٹی نے مریم نواز پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا اور مریم نواز کی قیادت میں پنجاب کی عوام کے مسائل کے حل کیلئے بھرپور عزم کا اعادہ کیا۔ اجلاس کے دوران گفتگو کرتے ہوئے مریم نواز نے کہا کہ پاکستان خاص طور پر پنجاب کے عوام کا شکریہ ادا کرتی ہوں جنہوں نے قائد محمد نواز شریف کو مینڈیٹ دیا اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کو سب سے بڑی جماعت کے طور پر الیکشن میں کامیاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور پنجاب کی پہلی خاتون وزیراعلی ہونے کا اعزاز ملا ہے، میں یہ اعزاز پاکستان کی ہر ماں، بہن، بیٹی اور بچی کے نام کرتی ہوں، یہ ایک خاتون، ایک بیٹی کو عزت دی گئی ہے، پارٹی قائد نواز شریف، صدر شہباز شریف اور جماعت کے تمام اکابرین کا شکریہ ادا کرتی ہوں کہ آپ نے مجھے یہ عزت بخشی اور یہ اعتماد دیا۔ آپ سب کا اعتماد اور حمایت میرا اصل اثاثہ ہے۔ اللہ تعالی سے دعا ہے اور پوری کوشش ہو گی کہ میں آپ سب اور عوام کے اعتماد پر پورا اتروں۔ اللہ تعالی مجھے اپنی مخلوق کی بہترین انداز میں خدمت کی توفیق ہمت اور رہنمائی عطا فرمائے، آمین۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی قائد اور صدر کے زیر سایہ ان کی رہنمائی اور تجربے کو ساتھ لے کر چلیں گے، ان کی پنجاب کو ترقی دینے کی سوچ پر عمل کریں گے، ایک نئے جذبے، عزم اور خلوص کے ساتھ عوام کی خدمت کے ایک نئے سفر کا آغاز کررہے ہیں، نواز شریف کے ویژن کے مطابق عوام سے کیا گیا ایک ایک وعدہ پورا کریں گے۔ مریم نواز کا کہنا تھا کہ پارٹی منشور میں جو کہا وہ کرکے دکھائیں گے، ہم سب نے مل کر ملک وقوم کی دن رات خدمت کرنی ہے، آپ سب کا اعتماد اور حمایت میرا اصل اثاثہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالی سے دعا ہے اور پوری کوشش ہوگی کہ میں آپ سب اور عوام کے اعتماد پر پورا اتروں، اللہ تعالی مجھے اپنی مخلوق کی بہترین انداز میں خدمت کی توفیق، ہمت اور رہنمائی عطا فرمائے۔ مریم نواز نے مزید کہا کہ حکومت اور جماعت کی سطح پر ہم نے اپنی ترجیحات کا روڈ میپ مرتب کرلیا ہے، اراکین اسمبلی میرے بازو اور طاقت ہوں گے، پنجاب کے 297 حلقے میرے لیے ڈسٹرکٹ ہوں گے، ہیلتھ ایجوکیشن انفراسٹرکچر لا اینڈ آرڈر زراعت آئی ٹی وغیرہ سب پر مساوی تقسیم ہوگی، ہر حلقہ ہر ڈسٹرکٹ ہر یونین کونسل ہر ڈویژن ماڈل ہونا چاہئے کوئی دوسرے سے کم نہیں ہونا چاہئے اور یہ آپ کی ذمہ داری ہونی چاہیے۔

بقیہ 22

کے مطابق واقعہ ذاتی دشمنی معلوم ہوتا ہے۔ سبزی منڈی مارکیٹ کے قریب نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 1 نوجوان جاں بحق جبکہ دوسرا زخمی ہونے کا واقعہ دوپہر کے وقت پیش آیا۔ جاں بحق شخص کی شناخت جاوید اور زخمی کی علی کے نام سے ہوئی ہے۔ لاش اور زخمی کو اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ دوسری جانب پولیس کا کہنا ہے کہ ابتدائی تحقیقات میں واقعہ ذاتی دشمنی کا شاخسانہ معلوم ہوتا ہے، جسے ڈکیتی مزاحمت کا رنگ دیا جارہا ہے۔ واضح رہے چند دن پہلے بھی کراچی کے علاقے شاہ فیصل میں فائرنگ سے سیاسی جماعت کا کارکن جاں بحق ہو گیا تھا۔

بقیہ 23

طلب۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد میں گورنمنٹ بوائز مین پرائمری اسکول کی تیسری جماعت کے کلاس کی چھت کا پلستر اچانک دھماکے سے گر پڑا جس کے نتیجے میں چار طالبعلم شدید زخمی ہوگئے، زخمی ہونے والوں میں محمد سلیمان، سمیر، حفیظ الرحمٰن اور مزمل شامل ہیں زخمی بچوں کو طبی امداد کے بعد گھر منتقل کیا گیا، اسکول انتظامیہ کا کہنا ہے کہ بچے کلاس روم میں پڑھ رہے تھے کہ اچانک چھت کا پلستر دھماکے سے گر پڑا اور چار بچے زخمی ہوگئے جنہیں اسکول میں ہی طبی امداد دیکر گھر روانہ کیا گیا، انتظامیہ کے مطابق اسکول کے کلاس رومز کی خستہ حالی کے متعلق ڈپٹی کمشنر اور محکمہ تعلیم کے افسران کو متعدد بار آگاہ کیا لیکن اس کے باوجود کسی نے توجہ نہیں دی، اسکول کے کلاس روم انتہائی خستہ ہو چکے ہیں جس کی وجہ سے طالب علموں کی زندگیاں خطرے میں ہیں، انہوں نے مطالبہ کیا کہ فلفور اسکول کی مرمت کرائی جائے۔ دوسری جانب اسکول کی چھت کا پلستر گرنے سے بچوں کے زخمی ہونے کا ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج جیکب آباد عبدالغفور کلہوڑو نے نوٹس لے لیا ہے، جس کے بعد کنزیومر پروٹیکشن کورٹ کے جج حیدر علی بھیو نے اسکول کا دورہ کیا دورے کے دوران محکمہ تعلیم کے افسران بھی موجود تھے، دورے کے دوران کنزیومر پروٹیکشن کورٹ کے جج نے محکمہ تعلیم کے افسران پر برہمی کا اظہار کیا، سیشن جج جیکب آباد نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر پرائمری، ایگزیکٹو انجینئر ایجوکیشن ورکس اینڈ سروسز، اسسٹنٹ ایگزیکٹو انجینئر ایجوکشن ورکس، ہیڈ ماسٹر پرائمری اسکول اور ایس ایچ او سٹی کو 23فروری کو طلب کرلیا ہے۔

بقیہ 24

دوران گفتگو کر رہے تھے۔ وفد نے صدر مملکت کو نمک کی کان کنی، پراسیسنگ اور مارکیٹنگ میں کمپنی کے کردار کے بارے میں بریفنگ دی۔ صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کہا کہ پاکستان مختلف شعبوں میں بیرونی سرمایہ کاری اور جوائنٹ وینچرز کے فروغ کا خواہاں ہے، پاکستانی نمک کی بہتر پراسیسنگ، پیکجنگ اور مارکیٹنگ سے قدر میں اضافہ کیا جاسکتا ہے، پاکستانی نمک اعلیٰ معیار اور انتہائی کم سرمایہ کاری سے حاصل کیا جاسکتا ہے، حکومت سرمایہ کاروں کو سہولیات پہنچانے کیلئے پرعزم ہے، عالمی سطح پر پاکستانی نمک کی مانگ میں اضافے کیلئے اعلیٰ معیار کے نمک کی فراہمی کو یقینی بنانا ہوگا۔ صدر مملکت نے مریکل سالٹ ورکس کمپنی کو پاکستان میں سرمایہ کاری کرنے پر سراہا۔ صدر مملکت نے مریکل سالٹ ورکس اور پاکستان منرل ڈویلپمنٹ کارپوریشن کے درمیان معاہدے پر دستخط کو بھی خوش آئند قرار دیا۔ وفد نے صدر مملکت کو زر مبادلہ کمانے میں پاکستانی نمک کی کانوں کی صلاحیت کے بارے میں بتایا کہ معیاری اور منرلز سے بھرپور راک سالٹ دنیا میں صرف پاکستان میں پایا جاتا ہے، پاکستانی نمک کم قیمت اور اعلیٰ معیار کا حامل ہے۔ وفد نے بتایا کہ پاکستان دنیا میں نمک کی بڑی مارکیٹ سے استفادہ کرسکتا ہے، معدنیاتی اجزا کے لحاظ سے پاکستانی نمک کا معیار دنیا میں سب سے بہترین ہے، ذمہ دارانہ کان کنی، بہتر پراسیسنگ اور مارکیٹنگ سے پاکستانی نمک کی قدر میں اضافہ کیا جاسکتا ہے۔ وفد نے بتایا کہ مریکل سالٹ ورکس کلکیلو پاکستان میں نمک کے شعبے میں سرمایہ کرے گی، کمپنی پاکستانی نمک کی اعلیٰ معیار کی ٹیکنالوجی کی مدد سے کان کنی اور پراسیسنگ کرے گی، اعلیٰ معیار کی ٹیکنالوجی کی بدولت کان کنی اور پراسیسنگ کے دوران نمک کے ضیاع کو کم کیا جاسکے گا۔ ملاقات میں صدر مملکت نے ماحول دوست اور ذمہ دار کان کنی کے فروغ کی ضرورت پر بھی زور دیا۔

بقیہ 25

ملکی آبادی بالخصوص بچوں اور خواتین کیلئے صحت کی پالیسیوں پر نظر ثانی پر زور دیتی ہے، دنیا بھر میں مرض کی تشخیص اور اس کے علاج کے لیے ادویات تجویز کرنا ڈاکٹروں کا پیشہ ہے، رجسٹرڈ میڈیکل پریکٹیشنرز مریضوں کو علاج اور بچاؤ کے لیے کوئی بھی رجسٹرڈ دوا لکھ سکتے ہیں، پاکستان پیڈیاٹرک ایسوسی ایشن اینٹی بائیوٹکس کے معقول استعمال میں طبی پیشہ ور افراد کی رہنمائی، تعلیم اور تربیت اور تعلیم فراہم کررہا ہے، ان خیالات کا اظہار پاکستان پیڈیاٹرک ایسوسی ایشن کے صدر پروفیسر سید جمال رضا اور سیکرٹری جنرل ڈاکٹر محمد خالد شفیع کی جانب سے وفاقی وزیر صحت، سیکرٹری صحت اور ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ کو لکھے گئے مکتوب میں کیا گیا ہے جس میں ادویات کے غیر معقول استعمال پر قابو پانے کے لیے تعاون کا اظہار کیا اور طبی اور مستند پیشہ ور افراد پر ادویات تجویز کرنے کی پابندی عائد کرنے کو نامناسب فعل قرار دیا، مکتوب میں پاکستان میں غذائیت سے متعلق حقائق اور ڈیٹا کے بارے میں بتایا کہ ہماری آبادی کی غذائیت کی صورتحال تشویشناک ہے، 2023 میں شائع ہونے والے حالیہ نیشنل نیوٹریشنل سروے کے مطابق 5 سال سے کم عمر کے 40 فیصد سے زیادہ بچے نشوونما محروم ہیں اور 17.7 بچے فیصد ضائع ہو چکے ہیں، جب کہ 28 فیصد کا وزن کم ہے، 48 فیصد بچے درمیانے درجے کی خون کی کمی کا شکار ہیں، جبکہ 1 فیصد شدید خون کی کمی کا شکار ہیں، تقریباً 18.6 فیصد زنک کی کمی کا شکار ہیں اور 12.1 فیصد شدید اور 39.4 فیصد کو معتدل وٹامن اے کی کمی ہے، تولیدی عمر کی 18.5 فیصد خواتین کا وزن کم ہے 41.7 فیصد معتدل خون کی کمی کا شکار ہیں، 54 فیصد میں وٹامن ڈی کی کمی ہے اور 27.5 فیصد میں وٹامن ڈی کی شدید کمی ہے اور 18.2 فیصد میں آئرن کی کمی ہے، 25 فیصد زنک کی کمی اور 26.5 فیصد hypocalciemic ہیں، انہوں نے مزید کہا کہ پی پی اے تجویز کردہ ادویات کے استعمال کو معقول بنانے کی ضرورت کو سمجھتا ہے، اینٹی بائیوٹکس کا زیادہ نسخہ اور غیر معقول استعمال ایک بڑا خطرہ ہے، دیکھا گیا ہے کہ فارمیسیوں میں ادویات بغیر نسخے سے باآسانی حاصل کیا جاسکتی ہیں جس کی وجہ سے منشیات کے خلاف مزاحمت کرنے والے جانداروں کا بہت بڑا خطرہ پیدا ہوتا جارہا ہے، پاکستان پیڈیاٹرک ایسوسی ایشن اینٹی بائیوٹکس کے معقول استعمال میں طبی پیشہ ور افراد کی رہنمائی اور تربیت اور تعلیم فراہم کر رہا ہے، پی پی اے امید کرتا ہے کہ ہیلتھ حکام صحت کے بنیادی مسائل پر توجہ دیں گے اور دیگر پیشہ ور اداروں کے ساتھ ہماری ایسوسی ایشن اس میں مکمل تعاون اور سہولت فراہم کرے گی۔

بقیہ 26

کیا گیا، ایئر کوالٹی انڈیکس 175 ریکارڈ کیا گیا۔ لاہور دنیا کے آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں دوسرے نمبر پر آگیا، ڈی ایچ اے 346 3، شاہراہ قائداعظم پر آلودگی کی شرح 196 ریکارڈ کی گئی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق شہر کا موجودہ درجہ حرارت 12ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ ہوا میں نمی کا تناسب 80 فیصد ریکارڈ کیا گیا، آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران بارش کا کوئی امکان نہیں۔ محکمہ موسمیات کے مطابق پنجاب کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک رہے گا تاہم شمال مشرقی اضلاع میں مطلع ابر آلود رہنے کے علاوہ لاہور، جہلم، گجرات، گوجرانوالہ، سیالکوٹ اور نارووال میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ ہلکی بارش / بونداباندی کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ مری، گلیات اور گردونواح میں مطلع جزوی ابر آلود رہنے کے علاوہ تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ ہلکی بارش / برفباری ہوسکتی ہے۔

بقیہ 27

ہم لوگ عوام میں جائیں گے اور قانونی جنگ بھی ہوگی، کوئی بھی وزیراعظم، گورنر اور وزیراعلی بننے جا رہا ہے، ہمیں اب بھی عدالتوں سے امید ہے۔ اسد قیصر کا کہنا تھا کہ کل عہدوں کی بندر بانٹ کی گئی ہے، مینڈیٹ ان کے پاس ہے نہیں، ن لیگ کے پاس 23 سیٹیں نہیں ہیں، ان لوگوں کو شرم و حیا اور وقار ہونا چاہیے۔ جعلی وزیراعظم اور کابینہ ہوگی تو ان لوگوں کو کوئی بھی قبول نہیں کرے گا۔

بقیہ 28

کے صدر حاجی ریاض شاہد نے بتایا کہ کھاد فیکٹریوں کی جانب سے 5200روپے کھاد بیگ کی قیمت مقرر کی گئی ہے جبکہ لوڈنگ 5300 سے 5400روپے ہے دیگر اخراجات ڈال کر عام صارف کو یہ بیگ 6000روپے سے 6200روپے میں ملے گا جس سے مہنگائی کا نیا طوفان آئیگا انہوں نے بتایا کہ یہ کھاد فیکٹریوں کی بدمعاشی ہے کہ ڈیلرز سے 3-3ماہ قبل رقم وصول کرکے انہیں مال فراہم نہیں کیا جاتا جس سے صارفین کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اب ہم نے کھاد کے حصول کیلئے نومبر میں ادائیگی کی تھی جو فروری کے آخر تک بھی ہمیں کھاد فراہم نہیں کی گئی اب کہا جارہا ہے کہ نئی قیمت ادا کریں تو کھاد دینگے کوئی پوچھنے والا نہیں ہے تین ماہ تک کھاد ڈیلرز کے پیسے یہ استعمال کرتے رہے ہیں آئندہ ڈیلرز مالکان بھی اپنا لائحہ عمل اختیار کرنے کیلئے مشاورتی اجلاس بلارہے ہیں تاکہ کھاد فیکٹریوں کے مالکان کی اس سینہ زوری سے بچنے میں مدد مل سکے۔

بقیہ 29

افسران شریک ہوں گے۔ وفاقی انشورنس محتسب ڈاکٹر خاور جمیل کی زیر صدارت ہونے والی دوروزہ قومی کانفرنس میں ریجنل دفاتر کی گذشتہ سال کی کارکردگی اور اہداف کا جائزہ لیا جائے گا اور ادارے کو موصول ہونے والی شکایات اور ان کے ازالے پر بریفنگ لی جائے گی۔ اس موقع پر گورنر ہاؤس میں منعقدہ ایک پروقار تقریب کے دوران وفاقی محتسب برائے انشورنس کے افسران اور انشورنس کمپنیوں کے نمائندگان کو اعزازی شیلڈز بھی پیش کی جائیں گی۔

بقیہ 30

کا آغاز کردیا۔ پولیس اور فرانزک ٹیم کی کاروائی کے بعد لاش کو ایدھی ایمبولینس کے ذریعے مردہ خانہ منتقل کردیا گیا۔

بقیہ 31

نے کہا کہ ضلعی کان کنی اور انتظامی کمیٹیاں تشکیل دی گئیں، غیر قانونی کمیشن روکی گئی اور نئے علاقہ جات کی نشاندہی کی گئی، گزشتہ ادوار کے 65 کروڑ کے کرپشن کیسز کے ریفرنس بنائے گئے، 40بڑی مائنز کو بے ضابطگیوں سے دیئے گئے ٹھیکوں کو ختم کیا گیا، ڈیڑھ سو ارب ریونیو کا روڈ میپ تشکیل دیا گیا، پی ایم ڈی سی اور سیمنٹ فیکٹریوں کو ریکوری کے نوٹس دیے گئے، آن لائن انسپکشن اور نگرانی کا نظام شروع کیا گیا۔ ابراہیم حسن مراد نے کہا کہ شفافیت کے لیے ای ٹینڈرنگ اور ای آکشن کا اجرا کیا گیا، 94پرانی پوسٹس کو حذف کر دیا گیا، 15 فیصد ایکسیڈنٹ اور 20 فیصد اموات میں کمی ہوئی، پریسر کولڈ کے بلاکس کا قیام عمل میں لایا گیا، آن لائن جی آئی ایس سسٹم کا اجرا کیا گیا، پنجاب کی تاریخ میں پہلے مائننگ انویسٹمنٹ فورم کا انعقاد کیا گیا، ایمرجنسی ریسکیو کا رسپانس ٹائم آٹھ منٹ سے چار منٹ تک لایا گیا اور مائنز لیبر کی ڈیتھ گرانٹ دو لاکھ سے چار لاکھ کر دی گئی۔

بقیہ 32

ہ کر دیا گیا۔ قیادت کی جانب سے مسلم لیگ (ن) کے ارکان اسمبلی کو لاہور میں ہی رکنے کی ہدایت کردی گئی۔ ذرائع نے بتایا کہ نگران وزیر اعلی پنجاب کی منظوری کے بعد سمری کسی وقت بھی گورنر پنجاب کو بھجوائی جائے گی، حکومت پنجاب کی سمری پر گورنر پنجاب اجلاس طلب کریں گے۔ پنجاب اسمبلی کے افتتاحی اجلاس میں نومنتخب ارکان اسمبلی کا حلف، سپیکر، ڈپٹی سپیکر اور وزیراعلی پنجاب کا انتخاب ہوگا۔

بقیہ 33

میں مکمل رہنمائی فراہم کرنے کیساتھ مناسب تربیت دی جاتی ہے شادی انسانی نسل کو آگے بڑھانے کا ذریعہ ہے ہر پیدا ہونے والے بچے کا یہ بنیادی حق ہے کہ وہ ایک صحت مندانہ اور بھرپور زندگی گزارے ایسی بیماریاں جونسل در نسل یا ایک شخص سے دوسرے شخص میں منتقل ہوتی ہیں پر اعتماد اور صحت مند زندگی گزارنے کے لیے کچھ سکریننگ ٹیسٹ سے متعلق آگاہی دی جاتی ہے جیسے تھلسیمیا، انیمیا، ہیپاٹائٹس ایڈز اور فرسٹ کزن میرج کے دوران آنے والے پیدائشی نقائص وغیرہ مزید برآں انہوں نے کہا کہ عموماً مرد و خواتین شادی سے پہلے یا بعد کچھ مسائل کا شکار ہوتے ہیں انکی بہترین کونسلنگ نہ ہونے کی وجہ سے وہ کسی کے ساتھ اپنے مسائل ڈسکس نہیں کر پاتے خواتین ہارمونز پرابلم کے باعث پیریڈز یا ویجائنل ڈسچارج کیساتھ بیشمار مسائل کا شکار ہوتی ہیں اور کچھ مرد حضرات کو سرم پرابلمز سمیت دیگر مسائل کا سامنا ہوتا جن کی وجہ سے مستقبل میں ان میں بیشمار پیچیدگیاں پیدا ہوجاتی ہیں اور انکی شادی شدہ زندگی ڈسٹرب ہونے کیساتھ بچوں میں اکثر کچھ نقائص سامنے آتے ہیں اس سلسلے میں عملے کی جانب سے ڈور ٹو ڈور، کالجز کی سطح پر جبکہ دیگر تمام بنیادی مراکز صحت میں بھی آگاہی فراہم کی جارہی جبکہ دور دراز کے علاقوں میں موبائل وینز میں جاکر کونسلنگ سیشن کا انعقاد کیا جاتا ہے تمام شرکا نے ڈاکٹر رمنا دلبر کی جانب سے سیشن کے انعقاد کو سراہتے انکی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کیا

بقیہ 34

گریجویٹ کالج میں منعقدہ ایک خصوصی سیشن میں طلبا و طالبات سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نوجوان نسل اپنے خاندان تک محتسب ریجنل آفس بھکر کی سروسز بارے آگاہی کا فریضہ سرانجام دے تاکہ سرکاری دفاتر میں بلاکسی دشواری کے ان کے مسائل حل کیے جاسکیں۔ انہوں نے آگاہی سیشن میں محتسب پنجاب کے علاقائی دفتر میں درخواست گزاری سمیت دیگر امور بارے مفصل رہنمائی فراہم کرتے ہوئے کہا کہ مسائل کے حل کیلئے محتسب پنجاب ریجنل آفس بھکر نزد ناصر ہسپتال منڈی ٹاؤن بھکر میں تشریف لائیں اور اپنے سرکاری دفاتر سے متعلقہ مسائل سے آگاہ کریں تاکہ انکی دادرسی یقینی بنائی جاسکے۔

بقیہ 35

دوران مزید 5 بچے چل بسے۔ جاں بحق بچوں میں سے 2 کا تعلق فیصل آباد جبکہ دیگر 3 کا تعلق ایک بہاولپور، گوجرانوالہ اور راولپنڈی سے ہے۔ 7روز کے دوران یہ مرض نے 57 پھولوں کی جان لے چکا ہے۔ رواں برس نمونیہ کے باعث پنجاب سے 410اور لاہور سے 65 بچے جان سے جاچکے ہیں۔ 5بچوں کے چل بسنے کے علاوہ پنجاب بھر میں 24 گھنٹے کے دوران مزید 717 مریض رپورٹ ہوئے ہیں جبکہ لاہور سے یہ تعداد 182 ہے۔ صوبے میں رواں برس 30320 بچے اس مرض میں مبتلا ہوئے۔

بقیہ 36

اور آر اوز نے سابق کمشنر راولپنڈی کے الزامات کو یکسر مسترد کردیا۔ ذرائع نے بتایا کہ کمیٹی نے راولپنڈی ڈویژن کے تمام 6 ڈی آر اوز کے تحریری بیانات قلم بند کیے، جبکہ راولپنڈی میں قومی اسمبلی کے 13 اور صوبائی اسمبلی کے 26 آر اوز کے بیانات بھی قلم بند کیے گئے۔ سابق کمشنر کیا لزامات کی پریس کانفرنس کے ٹرانسکرپٹ بھی رپورٹ کا حصہ ہیں۔

بقیہ 37

ایس ایس پی انوسٹی گیشن نے شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ ایس ایس پی انوسٹی گیشن زنیرہ اظفر نے کہا کہ مارک کردہ درخواستوں پر قانونی کارروائی کرکے رپورٹ پیش کی جائے، تھانہ میں آنے والے شہریوں سے خوش اخلاقی سے پیش آتے ہوئے ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں، شہریوں کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے جس کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔

بقیہ 38

تربیلا انور شاہ اور چیف انجینئر ٹی 5 وسیم رضا نے منصوبہ پر اب تک ہونیوالے کام کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ منصوبہ کی تکمیل سے 1530 میگاواٹ بجلی پیدا ہوگی۔ اگلے سال اگست 2025 تک منصوبہ سے بجلی کی پیداوار شروع کردی جائیگی۔ جس سے تربیلا ڈیم سے بجلی کی پیداوار 4888 میگاواٹ سے بڑھ کر 6418 میگاواٹ ہوجائے گی۔

بقیہ 39

ذرائع نے بتایا کہ رینجرز کی تعیناتی میں توسیع کا فیصلہ پنجاب حکومت کی درخواست پر امن وامان کی صورتحال کے باعث کیا گیا ہے۔ رینجرز کی تعیناتی میں توسیع کا اطلاق (آج) 22فروری سے ہوگا اور یہ تعیناتی 19 مئی 2024 تک ہوگی۔

بقیہ 40

واردات کررہا تھا کہ اطلاع ملنے پر تھانہ صدر پولیس نفری کے پہنچنے پر ملزمان کی فائرنگ سے مبینہ پولیس مقابلہ میں مطلوب ڈاکیت ہلاک اور ساتھی فرار ہوگئے پولیس مقتول کی نعش پوسٹمارٹم کے لئے ہسپتال منتقل کر کے فرار ہونے والے ملزمان کی تلاش میں مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 41

محکمہ خزانہ نے یہ بجٹ محکمہ ٹرانسپورٹ کا جاری کیا ہے۔

بقیہ 42

تشکیل دے دیا گیا، اسلام آباد ہائیکورٹ کا دو رکنی بنچ 26فروری کو سماعت کرے گا۔ احتساب عدالت نے بانی پی ٹی آئی کی درخواست ضمانت مسترد کردی تھی، بانی پی ٹی آئی جوڈیشل ریمانڈ پر جیل میں ہیں۔

بقیہ 43

ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر لیے گئے۔

بقیہ 44

سے سینیٹر محمد اسحاق ڈار، سردار ایاز صادق، سینیٹر اعظم نذیر تارڑ اور ملک محمد احمد خان جبکہ ایم کیو ایم پاکستان کی جانب سے کامران ٹیسوری، فاروق ستار اور مصطفی کمال نے شرکت کی۔

بقیہ 45

ہوں چار ماہ قبل تھانہ مندرہ کی حدود سکھو چوکی پر درخواست دی کہ میں نے انور قریشی سکنہ موڑہ جسوال سے پانچ لاکھ روپے لینے ہیں جس پر تفتیشی افسر اے ایس آئی محمد خلیل نے انور قریشی کو تھانے بلایا تو انور قریشی نے اعتراف کیا اور تھانہ میں لکھ کر دیا کہ میں ایک ہفتے میں رقم واپس کردوں گا جس پر تفتیشی افسر نے روبرو گواہان انور قریشی سے تحریری معاہدے پر دستخط لے لیے انور قریشی تھانے میں لکھ کر دینے کے باوجود رقم نہیں دے رہا اور نہ ہی رابطہ کر رہا ہے میں نے انچارج سکھو چوکی سعید کیانی سے کہا کہ اس کے خلاف قانونی کروائی عمل میں لائی جائے مگر سعید کیانی مسلسل ٹال مٹول سے کام لے رہا ہے میں نے کئی بار ایس ایچ او تھانہ مندرہ ملک کاشف سے رابطہ کیا وہ بھی ٹال مٹول سے کام لے رہے ہیں میں نے ڈی ایس پی گجر خان سے بار بار رابطہ کیا کہ اج چار ماہ گزرنے کے باوجود میری درخواست پر عمل درامد کیوں نہیں کیا جارہا ڈی ایس پی نے سعید کیانی کو کئی بار فون کیے اور ایس ایچ او مندرہ کو بھی فون کیے مگر ڈی ایس پی کے آرڈر کو ایک کانسٹیبل تک نہیں سنتا تو تفتیشی افسر کیا سنے گے میری درخواست پر کوئی عمل درامد نہیں ہورہا اور مجھے ہر روز تھانے کے چکر لگوا کر ذلیل وخوار کیا جارہا ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کے بغیر رشوت کے کوئی ایف ائی ار درج نہیں ہوتی اور ڈی ایس پی گوجر خان یا تو مکمل اپنا حصہ وصول کرتے ہیں یا ماتحت عملہ ان کے احکامات کو اہمیت ہی نہیں دیتے ہم سی پی او راولپنڈی سے مطالبہ کرتے ہیں کہ انچارج سکھو چوکی سعید کیانی ایس ایچ او تھانہ مندرہ اور ڈی ایس پی گوجر خان کو طلب کر کے اس غفلت نا اہلی کی شفاف انکوائری کریں اور نا اہلی ثابت ہونے پر ان کے خلاف قانونی کاروائی کریں تا کہ پولیس کے اعلی افسران پر عوام کا اعتماد بحال ہوسکے

بقیہ 46

ہوں چار ماہ قبل تھانہ مندرہ کی حدود سکھو چوکی پر درخواست دی کہ میں نے انور قریشی سکنہ موڑہ جسوال سے پانچ لاکھ روپے لینے ہیں جس پر تفتیشی افسر اے ایس آئی محمد خلیل نے انور قریشی کو تھانے بلایا تو انور قریشی نے اعتراف کیا اور تھانہ میں لکھ کر دیا کہ میں ایک ہفتے میں رقم واپس کردوں گا جس پر تفتیشی افسر نے روبرو گواہان انور قریشی سے تحریری معاہدے پر دستخط لے لیے انور قریشی تھانے میں لکھ کر دینے کے باوجود رقم نہیں دے رہا اور نہ ہی رابطہ کر رہا ہے میں نے انچارج سکھو چوکی سعید کیانی سے کہا کہ اس کے خلاف قانونی کروائی عمل میں لائی جائے مگر سعید کیانی مسلسل ٹال مٹول سے کام لے رہا ہے میں نے کئی بار ایس ایچ او تھانہ مندرہ ملک کاشف سے رابطہ کیا وہ بھی ٹال مٹول سے کام لے رہے ہیں میں نے ڈی ایس پی گجر خان سے بار بار رابطہ کیا کہ اج چار ماہ گزرنے کے باوجود میری درخواست پر عمل درامد کیوں نہیں کیا جارہا ڈی ایس پی نے سعید کیانی کو کئی بار فون کیے اور ایس ایچ او مندرہ کو بھی فون کیے مگر ڈی ایس پی کے آرڈر کو ایک کانسٹیبل تک نہیں سنتا تو تفتیشی افسر کیا سنے گے میری درخواست پر کوئی عمل درامد نہیں ہورہا اور مجھے ہر روز تھانے کے چکر لگوا کر ذلیل وخوار کیا جارہا ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کے بغیر رشوت کے کوئی ایف ائی ار درج نہیں ہوتی اور ڈی ایس پی گوجر خان یا تو مکمل اپنا حصہ وصول کرتے ہیں یا ماتحت عملہ ان کے احکامات کو اہمیت ہی نہیں دیتے ہم سی پی او راولپنڈی سے مطالبہ کرتے ہیں کہ انچارج سکھو چوکی سعید کیانی ایس ایچ او تھانہ مندرہ اور ڈی ایس پی گوجر خان کو طلب کر کے اس غفلت نا اہلی کی شفاف انکوائری کریں اور نا اہلی ثابت ہونے پر ان کے خلاف قانونی کاروائی کریں تا کہ پولیس کے اعلی افسران پر عوام کا اعتماد بحال ہوسکے

بقیہ 47

سزا دلوانے کے لیے تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے، زیادتی ناقابل برداشت ہے ملوث ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 48

جان و مال پر حملہ کرنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 49

شماری میں انسانی ومالی وسائل کا موثر انتظام یقینی بنایا گیا ہے۔

بقیہ 50

اجلاس آئندہ جمعہ کو بلانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اجلاس میں ایران پاکستان گیس پائپ لائن کی تعمیر کا معاملہ زیر غور آئیگا۔ ذرائع کے مطابق پاکستان ایران سرحد تک ابتدائی طور پر 80 کلومیٹر پائپ لائن بچھانا چاہتا ہے، منظوری کیلئے معاملے کو کابینہ کی توانائی کمیٹی میں پیش کیا جائے گا، توانائی کمیٹی سے منظوری کے بعد حتمی منظوری کیلئے کابینہ میں پیش کیا جائے گا، منصوبے کیلئے ایک سال کا عرصہ درکار ہوگا۔

بقیہ 51

آج پارلیمانی بورڈ کی میٹنگ میں بھی منظوری لئے جانے کا امکان ہے۔ یاد رہے کہ میاں مجتبیٰ شجاع الرحمان سابق صوبائی وزیر خزانہ، سابق صوبائی وزیر ایکسائز پنجاب رہ چکے ہیں۔

بقیہ 52

مقدمہ درج کر کے ملزم کو جیل بھجوا دیا۔ گزشتہ روز فاضل عدالت کے جج نعمان محمد نعیم نے منشیات کے مقدمہ کا فیصلہ سناتے ہوئے منشیات فروش ملزم ضیاء اللہ کو 12سال قید با مشقت اور 2 لاکھ روپے جرمانہ کی سزا کا حکم سنا دیا۔ جس پر ملزم کو سزا بھگتنے کے لیے ڈسٹرکٹ جیل منتقل کردیا گیا۔

بقیہ 53

کا یہ سلسلہ جاری اور ساری ہے۔ 15فروری سے 19فروری تک مزید 3396 افغان شہری واپس گئے جن میں 1245 مرد، 1025 خواتین اور 1914 بچے شامل تھے، افغانستان روانگی کے لیے 124 گاڑیوں میں 210 خاندانوں کی اپنے وطن واپسی عمل میں لائی گئی ہے۔

بقیہ 54

کہا گیا ہے کہ حکومت ادویات کی قیمتیں مقرر کرنے کی سیکشن ڈرگ ایکٹ سے نکال رہی ہے، نگران حکومت کے پاس یہ اختیار نہیں، عوامی اور جمہوری حکومت آنے والی ہے یہ اقدام وہ کر سکتی ہے۔ درخواست گزار نے استدعا کی ہے کہ موجودہ نوٹیفکیشن آئین اور قانون کے منافی ہے، عدالت درخواست کے حتمی فیصلے تک نوٹیفکیشن معطل کرنے کا حکم دے۔

بقیہ 55

تفتیش ہے۔ زرائع کے مطابق فیصل آباد کے علاقہ روشن والا میں شادی کی تقریب میں ہوائی فائرنگ سے گولی کا نشانہ بن کر 13سالہ بچہ زین علی موقع پر دم توڑ گیا جس کی نعش پولیس نے پوسٹمارٹم کے لئے تحویل میں لے کر ہسپتال منتقل کر دی اور فائرنگ کرنے والا مسلح ملزم کو گرفتار کرلیا دیگر ملزمان فرار ہو گئے تاہم پولیس مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 56

کے ارمان پر بھی پانی پھر گیا، مرکزی مسلم لیگ، نیشنل پارٹی، بلوچستان عوامی پارٹی، بلوچستان نیشنل پارٹی بھی مطلوبہ نتائج حاصل نہ کرسکیں۔ جن جماعتوں کو مخصوص نشستیں ملیں گی ان میں مسلم لیگ ن کو قومی اسمبلی میں 16 خواتین اور 4 اقلیتوں کی مخصوص نشستیں ملنے کا امکان ہے پیپلز پارٹی کو 11 خواتین اور 2 خواتین کی مخصوص نشستیں ملنے کا عمل متوقع ہے۔ ایم کیو ایم کو قومی اسمبلی میں خواتین کی 4 اور ایک اقلیتی نشست ملنے کا امکان ہے، پی ٹی آئی کی 27 مخصوص نشستوں کا مستقبل الیکشن کمیشن کے ہاتھ میں ہے، الیکشن کمیشن کی صوابدید پر خواتین کی 23 اور 4 اقلیتی نشستیں سنی اتحاد کونسل کو ملیں گی۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس
22 فروری 2024ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس / ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 22 فروری 2024 صبح 09:00 بجے تا شام 02:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، I-11/2، کیرج فیکٹری، لوہی بھیر، آئیسولیشن ہسپتال، رہاڑہ، کری روڈ، سی ایم پاک زونگ، PHA-1&2، محفوظ شہید، اسلام آباد کلب۔ I، فلٹریشن پلانٹ، ماروی، چاہنا چوک، لوہی بھیر، سوہان، علی پور سکیم۔ II، برما، کھنہ ڈاک، المصطفی ٹاور، G-9/3، فلور مل۔ I&II، گولڑہ۔ II، خداداد ہائیٹس، ٹی اینڈ ٹی کمپنی باغ، گھڑیال، ایم سی ایم کوٹلی ستیاں، بلاورہ، منگیال فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، I-14/2، I-14/2، لکھو روڈ، بیسٹ روڈ، گنج بھاٹہ، کیپٹن عامر شہید، عسکری الیون، غوثیہ کالونی، شمس آباد، اوجڑی کیمپ، شکریال، خرم کالونی، جناح کیمپ، مسلم ٹاؤن، ائر پورٹ، تسمہ آباد، لیاقت باغ، گلشن آباد، سبحان الدین، محمدی چوک، ابو بکر، گنج بھاٹہ، نیو ریس کورس، کیپٹن عامر شہید، بیسٹ روڈ، I-14/3، سی ڈی ایل کالونی فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، لالکڑتی، مورگاہ، پارک ویو، پنڈی بورڈ، اسلام آباد فیڈ مل، جھٹہ ہتھیال، بسالی، پنڈ جاتلہ، لیب۔ I&II، انڈسٹریل، ریلائنس ویونگ مل، پھل، جرار کیمپ، زراج۔ I&II، ڈھوک اعوان، IST، موہرہ نگیال، ٹیپو روڈ، گگن، مندرہ، بینک روڈ۔ I، ٹیپو روڈ، رحمت آباد۔ I، سواں گارڈن۔ II، گلستان کالونی، مورگاہ، میجر ریاض، روز لائن، مورت، قریشی آباد، کینٹ، چکری لہتراڑ۔ I، سیپ ابرار، پنجار، ڈھوک اعوان، پنڈ جاتلہ، سکھو، سید کسران فیڈرز، اٹک سرکل، امن پور، سالار گاہ، بوہی گھر، نثار شہید، میوزیم، پسوال، شاہیہ، منیر آباد، اے ڈبلیو سی ہاؤسنگ، راشد منہاس، برہان، غورغشتی، شمس آباد، حضرو، دریائے شریف، ہٹیاں، قاضی آباد، پاور چینل کالونی، ماری، کچہری، ڈھوک فتح، ڈی آئی کالونی، غریب وال، مسلم ٹاؤن، کسران، سجاد شہید، فتح جنگ سٹی۔ II، جنڈ سٹی۔ I&II، احمال، محفوظ شہید، گگن، انجرہ، فیڈرز، جہلم سرکل، حیات سرروڈ، گوجر خان، مین بازار، سوہاوہ کچہری، بابا شہید، بل اعوان، ٹھاکرہ، کے ٹی ایم، آر ٹی ایم، گلیانہ، اسلام پورہ، کنگر تھائی، F-7 کچہری، زبیر شہید، F-3، گل افشاں، بولانی، سرائے عالمگیر، ملٹری کالج فتحپور، اکرم شہید، F-8 سول لائن، F-6، مشین محلہ، پکھوال، ایم ریاض شہید، بینہ۔ I، سوہان، بھگوال، پیڈیال، ہسوٹ، چکیام، نیو ڈومیلی، سنگھوئی، دینہ۔ 4، حیات سرروڈ فیڈرز، چکوال سرکل، سی ایس شاہ، ڈنڈوت، استقلال کیمپ، بھون، لائن پارک، جمال وال، میانی، مین بازار، ڈیرہ مسلم، ڈھڈیال رورل، سہگلہ آباد، پچوال، سی ایس شاہ، دریائے جالپ، احمد آباد، کچہری، ساغر پور، نیلہ، دھرنگہ، مورت، ڈھوک پٹھان، کوٹ سارنگ، تھائی، خوان فیڈرز اور 132KV بارہ گواہ گرڈ اسٹیشن، جی ایس او سرکل، صبح 08:30 بجے تا شام 04:30 بجے تک، 132KV برہان۔ فقیرا آباد پر 25-20 میگا واٹ لوٹ مینجمنٹ کی جائے گی، صبح 09:00 بجے تا شام 04:00 بجے تک، احمال، دھرنال، کھوڑ، جنڈ روٹ، موہرہ، کریالہ فیڈرز صبح 08:00 بجے تا شام 06:00 بجے تک، چھب سٹی۔ II، سہیکہ۔ II، خادم آباد، میانی، استقلال کیمپ، خیر پور، PAF کلر کہار، ڈنوٹ، کے ایس مائنز، ICI، پی ڈی خان، کچہری، ڈفر، احمد آباد فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

آئیسکو کے تمام آپریشن سرکلز میں منعقد ہونے والی کھلی کچہریوں کا شیڈول جاری

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) صارفین بجلی کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں بہترین سروسز کی فراہمی کو بھی یقینی بنایا جا رہا ہے، اسی جذبے اور پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کا احساس کرتے ہوئے آئیسکو نے تمام آپریشن سرکلز میں کھلی کچہریوں کے انعقاد کا شیڈول جاری کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد سرکل (بمقام پنجاب کیش اینڈ کیری، G-13/1، اسلام آباد)، راولپنڈی سٹی سرکل (بمقام موسی شادی ہال، سروس روڈ نزد شکریال سی این جی، راولپنڈی)، راولپنڈی کینٹ سرکل (بمقام آئیسکو آپریشن سب ڈویژن طارق آباد، راولپنڈی)، اٹک سرکل (بمقام آئیسکو آپریشن سب ڈویژن شادی خان)، جہلم سرکل (بمقام آئیسکو آپریشن بھڈانہ سب ڈویژن، گوجر خان) اور چکوال سرکل (بمقام میانی اڈہ، نزد لاثانی ٹینٹ سروس، خوشاب روڈ، کلر) کے ایس ایز صاحبان مورخہ 22فروری 2024 (بروز جمعرات) دن 10:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک کھلی کچہری لگائیں گے اور صارفین کے مسائل موقع پر حل کرنے کے لئے ضروری ہدایات جاری کریں گے۔ چیف ایگزیکٹو آئیسکو ڈاکٹر محمد امجد خان منعقد کی جانے والی کھلی کچہریوں کی براہ راست نگرانی کریں گے۔ آئیسکو ریجن کے صارفین بجلی سے متعلقہ مسائل کے حل / تجاویز کے اندراج کے لئے ان کھلی کچہریوں میں بھر پور شرکت کریں۔ مزید معلومات کے لئے دفتری اوقات کار کے دوران اسلام آباد سرکل کے فون نمبر 051-9260194، راولپنڈی سٹی سرکل فون نمبر 051-9292675، راولپنڈی کینٹ سرکل فون نمبر 051-9293048، اٹک سرکل فون نمبر 051-4950343، جہلم سرکل فون نمبر 0544-920276 اور چکوال سرکل فون نمبر 0543-668500 پر رابطہ کریں۔

بقیہ 57

مقدمات درج کر لئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے 11ملزمان سے 1090 پتنگیں اور 12 ڈوریں، رتہ امرال پولیس نے 6ملزمان سے 835 پتنگیں اور 2ڈوریں، نیوٹاؤن پولیس نے 8ملزمان سے 520 پتنگیں اور 10ڈوریں، صادق آباد پولیس نے 7ملزمان سے 380 پتنگیں اور 5ڈوریں، پیرودہائی پولیس نے 3ملزمان سے 234 پتنگیں اور 4ڈوریں، گنجمنڈی پولیس نے 4ملزمان سے 115 پتنگیں، 2ڈوریں، 20 آنار اور 10 چائنہ سٹک، بنی پولیس نے 2ملزمان سے 222 پتنگیں اور 2ڈوریں، ٹیکسلا پولیس نے ملزم عرفان سے 60 پتنگیں اور ڈور، نصیر آباد پولیس نے شہزاد سے 40 پتنگیں اور ڈور، کلرسیداں پولیس نے ندیم الحسن سے 20 پتنگیں اور 2ڈوریں برآمد کیں۔ ایس ایس پی آپریشنز فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) حافظ کامران اصغر نے کہا کہ شہریوں سے التماس ہے کہ پتنگ بازی کی حوصلہ شکنی کریں، پتنگ بازی جان لیوا کھیل ہے، پتنگ بازی اور پتنگ فروشی میں ملوث ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 58

سے 1پستول 09 ایم ایم معہ ایمونیشن، سول لائنز پولیس نے ملزم احمد ریاض سے 1پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ٹیکسلا پولیس نے ملزم غلام عباس سے 1پستول 30بور، دھمیال پولیس نے ملزم غلام حسنین سے 1 کلاشنکوف معہ ایمونیشن، ملزم وسیم سے 1 کلاشنکوف معہ ایمونیشن، کلرسیداں پولیس نے ملزم عثمان سے 1پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ریس کورس پولیس نے ملزم شہباز سے 530 گرام چرس، صدر بیرونی پولیس نے ملزم منیر سے 540 گرام چرس، ایئرپورٹ پولیس نے ملزم زبیر سے 8لیٹر شراب، کلرسیداں پولیس نے ملزم توقیر سے 4بوتل شراب برآمد کرکے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ ہوائی فائرنگ کرنے والوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 59

نادرا سے ہوئی، ٹریک ٹیم نے متعدد فالو اپ سیشن کرتے ہوئے مسلسل 05ماہ کے بعد شیخوپورہ سے ندا کے والدین کو ڈھونڈ نکالا۔ اہل خانہ نے وزیراعلی پنجاب، آئی جی پنجاب اور سی ٹی او لاہور سے اظہار تشکر کیا۔ جبکہ سی ٹی او عمارہ اطہر نے ٹیم کو نقد انعام اور تعریفی اسناد دینے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ گمشدہ افراد کے لواحقین پنجاب پولیس ایپ میں میرا پیارا فیچر سے استفادہ حاصل کریں۔

بقیہ 60

مستقل ارکان لانے کی کوئی تک نہیں بنتی۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے خیال میں زیادہ غیر مستقل منتخب نشستیں ہوں اور 27 ارکان کی کونسل بنے، جس میں ترقی پزیر ملکوں کی اکثریت ہونی چاہیے۔ منیر اکرم نے کہا کہ غزہ کے معاملے پر او آئی سی نے بہت کوششیں کیں، جنرل اسمبلی میں 2 قرار دادیں لائے۔

محکمہ بہبود آبادی گوجرخان کے زیر اہتمام پری میریٹل کونسلنگ سیشن کا انعقاد

پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان کے ممبران سمیت خواتین و حضرات کی شرکت ڈاکٹر رمنا دلبر نے سیشن میں شریک شرکاء کو بریفنگ دی

شادی سے پہلے مشاورت کی اہمیت، کم عمری کی شادی کے نقصانات، موروثی و دیگر بیماریوں کے پھیلاؤ کے بارے میں آگاہی دی گئی

گوجرخان (قمر شہزاد) ضلعی آفیسر محکمہ بہبود آبادی راولپنڈی کی ہدایات کی روشنی میں ٹی ایچ کیو ہسپتال گوجرخان میں قائم فیملی پلاننگ آفس میں ڈاکٹر رمنا دلبر کے زیر اہتمام پری میریٹل کونسلنگ سیشن کا انعقاد کیا گیا جس میں پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان کے ممبران ایم شفیق ناز، قمر شہزاد اور سوشل میڈیا ایکٹیویسٹ مرزا نوید، سٹاف فیصل شریف، چوہدری عمیر، محمد حفیظ، محمد نوید، چوہدری زعفران، محمد قاسم، شیراز ورزی، محمد شہزاد، محمد زاہد، ثقلین شبیر، اللہ دتہ سمیت خواتین و حضرات نے شرکت کی اس موقع پر ڈاکٹر رمنا دلبر نے میڈیا نمائندگان سمیت شرکاء کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ پری میریٹل کونسلنگ پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کا ایک منفرد پروگرام ہے جس کے ذریعے نوجوانوں کو رشتوں کا احترام میاں بیوی کے حقوق و فرائض شادی کی ذمہ داری زچہ بچہ کی صحت اور جسمانی و ذہنی مسائل، جذبات کے کنٹرول کے بارے (بقیہ نمبر 33)

عوام الناس کے مسائل کے فوری حل کیلئے آگاہی مہم کا سلسلہ جاری

کنسلٹنٹ محتسب پنجاب ریجنل آفس بھکر ڈاکٹر خالد حسین بلوچ کا طلبہ سے خطاب

بھکر (ظفر اعوان) عوام الناس کے مسائل کے فوری اور بروقت حل کیلئے محتسب پنجاب ریجنل آفس بھکر کی جانب سے بھرپور انداز میں آگاہی مہم کا سلسلہ جاری ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگوں کو سرکاری امور کے حل میں معاونت فراہم کی جا سکے۔ یہ بات کنسلٹنٹ محتسب پنجاب ریجنل آفس بھکر ڈاکٹر خالد حسین بلوچ نے گورنمنٹ پوسٹ (بقیہ نمبر 34)

صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سے امریکی وفد ملاقات کر رہا ہے

پنجاب میں نمونیا کے باعث مزید 5 بچے چل بسے

سردی کی شدت میں کمی کے باوجود نمونیہ سے بچوں کے جان سے جانے کا سلسلہ تھم نہ سکا

لاہور (این این آئی) پنجاب میں نمونیا سے ہلاکتوں کا سلسلہ سردی کی شدت میں کمی کے باوجود تھم نہ سکا، 24 گھنٹوں میں مزید 5 بچے دم توڑ گئے۔ پنجاب میں نمونیا کے شدید پھیلاؤ سے بچوں کی ہلاکت کا سلسلہ جاری ہے اور گزشتہ 24 گھنٹے کے (بقیہ نمبر 35)

ایس ایس پی انوسٹی گیشن زنیرہ اظفر کی کھلی کچہری

شہریوں کے مسائل سن کر حل کیلئے افسران کو احکامات جاری

راولپنڈی (این این آئی) ایس ایس پی انوسٹی گیشن زنیرہ اظفر نے پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، ایس ایس پی انوسٹی گیشن نے شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی انوسٹی گیشن زنیرہ اظفر نے پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، (بقیہ نمبر 37)

صادق سنجرانی بلوچستان میں اہم عہدے کیلئے کوشاں، اسحاق ڈار سے ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی بلوچستان میں اہم عہدے کیلئے کوشاں ہیں۔ ذرائع کے مطابق بلوچستان میں حکومت سازی کے معاملے پر اسلام آباد میں چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی نے رہنما (ن) لیگ اسحاق ڈار سے ملاقات کی۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ چیئرمین سینیٹ نے لیڈر آف دی ہاؤس کے چیمبر میں اسحاق ڈار سے ملاقات کی۔

سید منتظر مہدی ڈی آئی جی سپیشل پروٹیکشن یونٹ تعینات

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے ڈی آئی جی ایڈمنسٹریشن لاہور سید منتظر مہدی کو تبدیل کر کے ڈی آئی جی سپیشل پروٹیکشن یونٹ (ایس پی یو) تعینات کر دیا۔ اس حوالے سے محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن کی جانب سے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔

سابق کمشنر راولپنڈی کے الزامات: الیکشن کمیشن کی اعلیٰ سطح کی کمیٹی نے تحقیقات مکمل کر لیں

اسلام آباد (این این آئی) سابق کمشنر راولپنڈی لیاقت چٹھہ کی انتخابات میں دھاندلی کے الزامات کے حوالے سے الیکشن کمیشن کی اعلیٰ سطح کی کمیٹی نے اپنی تحقیقات مکمل کر لیں۔ ذرائع نے بتایا کہ کمیٹی سابق کمشنر راولپنڈی کے الزامات پر رپورٹ کو حتمی شکل دے گی۔ ذرائع کے مطابق راولپنڈی ڈویژن کے تمام ڈی آر اوز اور متعلقہ آر اوز کے بیانات بھی رپورٹ کا حصہ ہیں، مزید بتایا کہ ڈی آر اوز (بقیہ نمبر 36)

راولپنڈی، ایس ایس پی انوسٹی گیشن زنیرہ اظفر کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سن کر احکامات جاری کرتے ہوئے

عالمی بینک کے وفد کا تربیلا ڈیم کا دورہ، توسیعی منصوبے کا جائزہ

منصوبے پر جاری کام کے حوالے سے بریفنگ دی گئی، منصوبے کی تکمیل سے 1530 میگاواٹ بجلی پیدا ہوگی

منصوبے کی تکمیل سے 1530 میگاواٹ بجلی پیدا ہوگی۔ اگلے سال اگست 2025 تک منصوبہ سے بجلی کی پیداوار شروع کر دی جائیگی

تربیلا غازی (نمائندہ خصوصی) عالمی بینک کے وفد نے تربیلا ڈیم کا دورہ کر کے توسیعی منصوبے کا معائنہ کیا ہے۔ عالمی بینک کے وفد کا تربیلا ڈیم کا دورہ، تربیلا پانچویں توسیعی منصوبے پر جاری کام کا معائنہ کیا۔ منصوبے پر جاری کام کے حوالے سے بریفنگ دی گئی، منصوبے کی تکمیل سے 1530 میگاواٹ بجلی پیدا ہوگی۔ ورلڈ بینک کے وفد میں مسعود احمد اور گوتھم جن شامل تھے۔ جی ایم (بقیہ نمبر 38)

میانوالی میں رینجرز تعیناتی میں مزید 3 ماہ کی توسیع کا فیصلہ

وفاقی کابینہ نے منظوری دیدی، رینجرز کی تعیناتی میں توسیع کا اطلاق (آج) سے ہوگا

میانوالی (این این آئی) میانوالی میں رینجرز کی تعیناتی میں مزید تین ماہ کی توسیع کا فیصلہ کیا گیا جس کی وفاقی کابینہ نے منظوری دے دی ہے۔ تفصیلات کے مطابق میانوالی میں رینجرز کی تعیناتی میں مزید تین ماہ کی توسیع کا فیصلہ کیا گیا ہے جس کی وفاقی کابینہ نے وزارت داخلہ کی سمری سرکولیشن کے ذریعے منظوری دے دی ہے۔ (بقیہ نمبر 39)

سرگودھا، مبینہ پولیس مقابلہ میں نوجوان مارا گیا، ساتھی فرار

نعش پوسٹمارٹم کے لئے ہسپتال منتقل، فرار ہونے والے ملزمان کی تلاش شروع

سرگودھا (این این آئی) مبینہ پولیس مقابلہ میں نوجوان ڈکیت جاں بحق، ساتھی فرار ہو گئے پولیس نعش پوسٹمارٹم کے لئے ہسپتال منتقل کر کے فرار ہونے والے ملزمان کی تلاش میں مصروف تفتیش ہے۔ زرائع کے مطابق جڑانوالہ کے علاقہ صدر کی حدود میں مبینہ پولیس مقابلہ مطلوب ڈکیت ابوسفیان جاںبحق اور اس کے ساتھی فرار ہو گے۔ اس پولیس مقابلہ میں جاںبحق ڈکیت 283 گ ب کا رہائشی اور پولیس کو 3 درجن سے زائد سنگین نوعیت کے مقدمات میں مطلوب بتلایا جا رہا ہے جو گزشتہ روز ساتھی ملزمان کے ہمراہ ڈکیتی کی (بقیہ نمبر 40)

القادر ٹرسٹ کیس، بانی پی ٹی آئی کی درخواست ضمانت سماعت کیلئے مقرر

جسٹس ارباب محمد طاہر اور جسٹس ثمن رفعت امتیاز پر مشتمل بنچ تشکیل، سماعت 26 فروری کو ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ میں بانی پی ٹی آئی کی القادر ٹرسٹ کیس میں درخواست ضمانت سماعت کے لیے مقرر کر لی گئی۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد ہائیکورٹ میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کی القادر ٹرسٹ کیس میں درخواست ضمانت سماعت کیلئے مقرر کر لی گئی اس حوالے سے جسٹس ارباب محمد طاہر اور جسٹس ثمن رفعت امتیاز پر مشتمل بنچ (بقیہ نمبر 42)

لاہور میٹرو بس کیلئے ایک ارب اسی کروڑ روپے کے فنڈز جاری

لاہور (این این آئی) محکمہ خزانہ نے لاہور میٹرو بس سسٹم کی مینٹیننس کے لئے ایک ارب اسی کروڑ روپے جاری کر دیئے۔ تفصیلات کے مطابق لاہور میٹرو بس سروس کی ٹوٹ پھوٹ ٹھیک کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس ضمن میں محکمہ خزانہ نے لاہور میٹرو بس سسٹم کی مینٹیننس کے لیے ایک ارب اسی کروڑ روپے جاری کر دیئے۔ اس بجٹ سے میٹرو بس کے ٹریک کی حالت درست کی جائے گی۔ محکمہ خزانہ نے یہ بجٹ آن لائن کر دیا، (بقیہ نمبر 41)

اے این ایف کی کارروائیاں، 252 کلو منشیات برآمد، 7 ملزمان گرفتار

لاہور (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس نے 6 مختلف کارروائیوں میں 253 کلو منشیات برآمد کر لی جبکہ 7 ملزمان گرفتار کر لیے۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق کارروائیاں پشاور، نوکنڈی اور زخہ خیل میں کی گئیں، کارروائی کے دوران 68 کلو افیون، 104 کلو چرس برآمد کی گئی۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ کارروائی کے دوران 80 کلو آئس بھی برآمد کی گئی۔ گرفتار ملزمان کے خلاف انسداد منشیات (بقیہ نمبر 43)

فوری ضرورت
عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے
نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں
خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔
0312-7786354
www.awamilalkaar.com

ایک خاتون مادری زبان کے عالمی دن کے موقع پر منعقدہ پنجاب فیسٹیول میں سٹال پر کتابیں دیکھ رہی ہے

مسلم لیگ ن اور ایم کیو ایم پاکستان کی رابطہ کمیٹیوں کا اجلاس

دونوں جماعتیں مفاہمت، حمایت اور تعاون کا سلسلہ جاری رکھیں گی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) آج پاکستان مسلم لیگ (ن) اور متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کی رابطہ کمیٹیوں کا اجلاس ہوا۔ مشاورت کے بعد طے ہوا کہ ملک میں سیاسی، جمہوری اور بالخصوص معاشی استحکام کے لیے دونوں جماعتیں وفاقی سطح پر ایک دوسرے سے مفاہمت، حمایت اور تعاون کا سلسلہ جاری رکھیں گی۔ اجلاس میں مسلم لیگ (ن) کی جانب (بقیہ نمبر 44)

ڈاکٹر وقار بٹ انصاف کے حصول کیلئے ٹھوکریں کھانے پر مجبور

حکام بالا نوٹس لیکر ڈی ایس پی اور ایس ایچ او کو مقدمہ درج کرنے کے احکامات جاری کریں

گوجرخان (قمر شہزاد) ڈی ایس پی گوجرخان کی غفلت یا نااہلی ماتحت عملہ رتی بھر اپنے سینیئر کے احکامات کو اہمیت نہیں دیتا سائلین دربدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور سی پی او راولپنڈی سے نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق ڈاکٹر وقار بٹ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا گزشتہ تقریباً چار ماہ سے انصاف کے لیے دربدر کی ٹھوکریں کھا رہا (بقیہ نمبر 45)

چیئرمین پنجاب انڈسٹریل اسٹیٹس ڈویلپمنٹ اینڈ مینجمنٹ کمپنی جاوید اقبال اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بھکر سٹی چونگی نمبر 8 پر ڈکیتی اور قتل کی لرزہ خیز واردات

ان شاء اللہ جلد از جلد ملزمان کو ٹریس کر کے کارروائی ضابطہ عمل میں لائی جائے گی

ایس پی انوسٹی گیشن محمد اکرم خان کی سربراہی میں مختلف ٹیمیں کام کر رہی ہیں

بھکر (ظفر اعوان) گزشتہ شب بھکر سٹی چونگی نمبر 8 پر ہونے والی ڈکیتی اور قتل کی لرزہ خیز واردات۔ ایس پی انوسٹی گیشن محمد اکرم خان کی سربراہی میں مختلف ٹیمیں کام کر رہی ہیں ڈی ایس پی صدر بھکر اللہ نواز خان۔ انچارج CIA. ایس ایچ او سٹی بھکر ملک عامر شہزاد اور قابل تفتیشی افسران کی مدد سے قتل کے وقوعہ کو ٹریس کرنے کی ہر ممکن کوشش کی جا رہی ہے۔ ملزمان تک پہنچنے کے لیے بھکر پولیس جدید طریقہ ٹیکنالوجی کو استعمال میں لاتے ہوئے جس میں CCTV کیمرہ جات کی مدد I.T ایکسپرٹ ملک رضوان S.I کی مدد سے فرانزک سائنس ٹیمز اور جیو فنسنگ اور تمام تر سہولیات کو بروئے کار لاتے (بقیہ نمبر 46)

راولپنڈی، لڑکے سے زیادتی کرنیوالے 3 ملزمان گرفتار

زیادتی ناقابل برداشت ہے، ملوث ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے

راولپنڈی (این این آئی) صدر واہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 18 سالہ لڑکے سے زیادتی کرنے والے 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق صدر واہ پولیس کو متاثرہ لڑکے نے درخواست دی کہ ملزمان وارث، ساجد اور نعمان نے اُس کو کام کے بہانے گھر بلایا اور زیادتی کا نشانہ بنایا، صدر واہ پولیس نے متاثرہ لڑکے کی درخواست پر مقدمہ درج کر کے تینوں ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ایس ایچ او نے کہا کہ متاثرہ لڑکے کا میڈیکل پراسس کروایا گیا ہے۔ ایس پی پوٹھوہار ناصر نواز نے کہا کہ ملزمان کو قرار واقعی (بقیہ نمبر 47)

راولپنڈی، لڑکے سے زیادتی کرنے والے ملزمان صدر واہ پولیس کی حراست میں

راولپنڈی، دھمیال پولیس کی بڑی کامیاب کارروائی

2 رکنی بائیک لفٹر گینگ گرفتار، چوری شدہ 4 موٹر سائیکل برآمد

راولپنڈی (این این آئی) دھمیال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 2 رکنی بائیک لفٹر گینگ کو گرفتار کر کے چوری شدہ 4 موٹر سائیکل برآمد کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق دھمیال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 2 رکنی بائیک لفٹر گینگ کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان میں علیا پطرس اور احتشام شامل ہیں، ملزمان سے چوری شدہ 4 موٹر سائیکل برآمد ہوئے، ملزمان موٹر سائیکل چوری کے مقدمات میں ریکارڈ یافتہ ہیں۔ ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر نے کہا کہ ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا، شہریوں کے (بقیہ نمبر 48)

راولپنڈی، بائیک لفٹر گینگ کے ملزمان دھمیال پولیس کی حراست میں

7 ویں زراعت شماری کیلئے فیلڈ آپریشن ستمبر اکتوبر میں کرنیکا فیصلہ

ساتویں زراعت شماری کیلئے 65 کروڑ روپے بجٹ کا تخمینہ لگایا گیا ہے، ادارہ شماریات

کراچی (این این آئی) ملک میں 7 ویں زراعت شماری کیلئے فیلڈ آپریشن ستمبر، اکتوبر میں کرنیکا فیصلہ کر لیا گیا ہے۔ ادارہ شماریات کی جانب سے جاری اعلامیہ کے مطابق ملک میں 7 ویں زراعت شماری کیلئے فیلڈ آپریشن ستمبر، اکتوبر میں کرنیکا فیصلہ کیا گیا ہے، اور اس کیلئے 65 کروڑ روپے بجٹ کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔ اعلامیہ کے مطابق زراعت شماری کیلئے لائیو اسٹاک، زرعی مشینری اور زراعت کو یکجا کر دیا ہے، اور زراعت (بقیہ نمبر 49)

پاک ایران گیس پائپ لائن، پاکستان 80 کلومیٹر لائن بچھائیگا

منصوبے کی منظوری کیلئے کابینہ کی توانائی کمیٹی کا اجلاس آئندہ جمعہ کو بلانے کا فیصلہ

کراچی (این این آئی) پاک ایران گیس پائپ لائن تعمیر کے معاملے میں بڑی پیشرفت سامنے آئی، پاکستان اپنے علاقے میں 80 کلو میٹر پائپ لائن بچھائے گا۔ باخبر ذرائع کے مطابق پاک ایران گیس پائپ لائن منصوبے کیلئے پاکستان اپنے علاقے میں 80 کلومیٹر پائپ لائن بچھائے گا۔ جس کی منظوری کیلئے کابینہ کی توانائی کمیٹی کا (بقیہ نمبر 50)

ایڈیٹر انچیف۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ
راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین
فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

مجتبیٰ شجاع الرحمان کو سپیکر پنجاب اسمبلی بنائے جانے کا امکان

نواز شریف کی سربراہی میں ن لیگ کا اجلاس ہوا جس میں مجتبیٰ شجاع الرحمان کو سپیکر پنجاب اسمبلی بنانے پر غور کیا گیا

پارلیمانی بورڈ میٹنگ میں منظوری لئے جانے کا امکان، وہ وزیر ایکسائز پنجاب بھی رہ چکے ہیں

لاہور (بیورو چیف) پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما و سابق صوبائی وزیر میاں مجتبیٰ شجاع الرحمان کو سپیکر پنجاب اسمبلی بنائے جانے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق مسلم لیگ ن کے قائد میاں نواز شریف کی سربراہی میں ن لیگ کا اہم اجلاس ہوا جس میں میاں مجتبیٰ شجاع الرحمان کو سپیکر پنجاب اسمبلی بنانے پر غور کیا گیا۔ پارٹی ذرائع کا مزید کہنا ہے کہ میاں مجتبیٰ شجاع الرحمان کو سپیکر بنانے سے متعلق (بقیہ نمبر 51)

برک پاکستان کی تقریب میں لیاقت جاوید، آئینہ گلزار، شہناز جاوید و دیگر کیک کاٹ رہے ہیں

سرگودھا، منشیات فروش کو 12 سال قید بامشقت، 2 لاکھ روپے جرمانہ

سرگودھا (این این آئی) ایڈیشنل سیشن جج نعمان محمد نعیم نے قصبہ سلانوالی کے مقدمہ منشیات کا فیصلہ سناتے ہوئے منشیات فروش کو 12 سال قید بامشقت اور 2 لاکھ روپے جرمانہ کی سزا کا حکم سنا دیا۔ زرائع کے مطابق سرگودھا کے قصبہ سلانوالی کے علاقہ اسلام نگر کے ضیاء اللہ کو چرس فروخت کرتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کر کے 1300 گرام چرس برآمد کر لی اور زیر دفعہ منشیات ایکٹ 9c (بقیہ نمبر 52)

افغان باشندوں کی وطن واپسی، مزید 3396 افراد اپنے ملک چلے گئے

پاکستان چھوڑنے والے غیر قانونی افغان باشندوں کی کل تعداد 493648 تک پہنچ چکی

لاہور (این این آئی) غیر قانونی افغان باشندوں کی وطن واپسی کا سلسلہ جاری ہے، مزید 3396 افراد اپنے ملک چلے گئے۔ 19 فروری 2024 تک پاکستان چھوڑنے والے غیر قانونی افغان باشندوں کی کل تعداد 493648 تک پہنچ چکی ہے اور واپسی (بقیہ نمبر 53)

سرگودھا، شادی کی تقریب میں ہوائی فائرنگ، خوشیوں بھرا گھر ماتم کدہ بن گیا

13 سالہ بچہ گولی کا نشانہ بن کر زندگی کی بازی ہار گیا، پولیس مصروف تفتیش

سرگودھا (این این آئی) شادی کی تقریب میں ہوائی فائرنگ سے 13 سالہ بچہ گولی کا نشانہ بن کر زندگی کی بازی ہار گیا جس کی نعش پولیس نے پوسٹمارٹم کے لئے تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کر دی اور مسلح ملزم کو گرفتار کر لیا دیگر ملزمان فرار ہو گے تاہم پولیس مصروف (بقیہ نمبر 55)

ادویات کی قیمتوں کے تعین کا نوٹیفکیشن لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج

لاہور (این این آئی) ادویات کی قیمتوں کے تعین کے نوٹیفکیشن کو لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔ درخواست محمد اسلم نامی شہری کی جانب سے دائر کی گئی جس میں وفاقی حکومت سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔ شہری نے درخواست میں موقف اختیار کیا ہے کہ ادویات کی قیمتیں مقرر کرنے کے لیے نگران حکومت نے قانون کے منافی نوٹیفکیشن جاری کیا، نوٹیفکیشن کے بعد ادویات کی قیمتوں میں اضافہ ہو گا۔ درخواست میں مزید (بقیہ نمبر 54)

ن لیگ کو 20، پی پی 13، ایم کیو ایم کو 5 مخصوص نشستیں ملنے کا امکان

تیرہ سیاسی جماعتیں قومی اسمبلی میں مخصوص نشستوں کی دوڑ سے باہر ہوگئیں، ق لیگ کو مشکلات درپیش ہیں

اسلام آباد (چیف رپورٹر) تیرہ سیاسی جماعتیں قومی اسمبلی میں مخصوص نشستوں کی دوڑ سے باہر ہوگئیں، ن لیگ کو 20، پی پی 13، ایم کیو ایم کو 5 مخصوص نشستیں ملنے کا امکان ہے جب کہ پی ٹی آئی کی 27 مخصوص نشستوں کا مستقبل الیکشن کمیشن کے ہاتھ میں ہے۔ مخصوص نشستوں کی دوڑ سے باہر ہوئی تیرہ جماعتوں میں جماعت اسلامی، جے یو آئی ف، تحریک لبیک، اے این پی، آئی پی پی، مسلم لیگ ضیا پختونخوا ملی عوامی پارٹی، گرینڈ ڈیموکریٹک الائنس شامل ہیں، مسلم لیگ ق کو بھی مخصوص نشستوں کے حصول میں مشکلات درپیش ہیں۔ اسی طرح پی ٹی آئی پارلیمنٹیرین (بقیہ نمبر 56)

راولپنڈی، پتنگ فروش اور پتنگ باز ار پولیس کی حراست میں

راولپنڈی، پتنگ باز و پتنگ فروش 44 ملزمان گرفتار

قبضہ سے 3700 سے زائد پتنگیں، 41 ڈوریں اور سامان آتش بازی برآمد، مقدمات درج

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے پتنگ بازوں اور پتنگ فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری کرتے ہوئے 44 ملزمان کو گرفتار کر لیا، ملزمان کے قبضہ سے 3700 سے زائد پتنگیں، 41 ڈوریں اور سامان آتش بازی برآمد کر کے (بقیہ نمبر 57)

راولپنڈی پولیس نے 11 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کر لیا

قبضہ سے اسلحہ معہ ایمونیشن، چرس اور شراب برآمد، مقدمات درج

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 11 ملزمان کو گرفتار کر لیا، ملزمان کے قبضہ سے اسلحہ معہ ایمونیشن، چرس اور شراب برآمد کر کے مقدمات درج کر لئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق پیرودھائی پولیس نے ملزم فیاض سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، بنی پولیس نے ملزم حبیب (بقیہ نمبر 58)

راولپنڈی، شراب سپلائر پیرودھائی پولیس کی حراست میں

محکمہ خارجہ پاکستان میں ایکس کی بحالی کا مطالبہ کرے، امریکی رکن کانگریس

واشنگٹن (این این آئی) امریکی رکن کانگریس گریگ کیسر نے امریکی محکمہ خارجہ پر زور دیا ہے کہ وہ پاکستانی حکام سے سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ایکس تک رسائی بحال کرنے کا مطالبہ کرے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستانی شہری ٹوئٹر پر بعد از انتخابات مداخلت کو بے نقاب کرتے ہیں لیکن پاکستانی حکام اب ٹوئٹر تک رسائی روک رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ کو حکام سے مطالبہ کرنا چاہیے کہ ٹوئٹر کو

میرا پیارا ٹیم کی ایک اور کامیابی، 08 سال سے لاپتہ ندا کو اپنے مل گئے

لاہور (این این آئی) میرا پیارا ٹیم کی ایک اور کامیابی، 08 سال سے لاپتہ ندا کو اپنے مل گئے۔ نگراں وزیر اعلیٰ پنجاب اور آئی جی پنجاب کی خصوصی ہدایت پر میرا پیارا ٹیم کو ایک اور کامیابی مل گئی ۔ لاہور ٹریفک پولیس نے 08 سال قبل بچھڑنے والے ندا کو اپنوں سے ملوا دیا، میرا پیارا ٹیم نے گمشدہ بچوں و افراد کے ڈیٹا کے لئے چائلڈ پروٹیکشن بیورو کا وزٹ کیا، چائلڈ پروٹیکشن بیورو میں ٹریفک ٹیم کی ملاقات 08 سال سے رہائش پذیر (بقیہ نمبر 59)

ہماری کوشش ہے کہ مستقل ارکان کی ویٹو پاور کو محدود کیا جائے

یوکرین و غزہ میں امن کیلئے سلامتی کونسل کی ناکامی ویٹو پاور رکھنے والے ملک ہیں، منیر اکرم

غزہ کے معاملے پر او آئی سی نے بہت کوششیں کیں، جنرل اسمبلی میں 2 قرار دادیں لائے، پاکستانی سفیر

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ میں پاکستانی سفیر منیر اکرم نے کہا ہے کہ یوکرین اور غزہ میں امن کے لیے سلامتی کونسل کی ناکامی ویٹو پاور رکھنے والے ملک ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کے دوران اقوام متحدہ میں پاکستانی سفیر منیر اکرم نے کہا کہ سلامتی کونسل کی مستقل رکنیت کے کچھ فائدے ہیں، نقصانات زیادہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مستقل ارکان سیکیورٹی کونسل کو ویٹو پاور استعمال کر کے مفلوج کر سکتے ہیں، ہماری کوشش ہے کہ مستقل ارکان کی ویٹو پاور کو محدود کیا جائے۔ اقوام متحدہ میں پاکستانی سفیر نے کہا کہ سلامتی کونسل میں نئے (بقیہ نمبر 60)

ایف بی آر کی کارکردگی رپورٹ جاری، 30 فیصد زیادہ ٹیکس اکٹھا کر لیا

دسمبر 2023 کے دوران سب سے زیادہ 985 ارب روپے کا ٹیکس جمع کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) وزارت خزانہ نے جولائی 15 فروری تک ایف بی آر کی کارکردگی رپورٹ جاری کر دی ہے جس کے مطابق ایف بی آر نے گزشتہ سال کی نسبت اب تک 30 فیصد اضافی محصولات اکٹھے کیے ہیں۔ خزانہ ڈویژن کی طرف سے جاری رپورٹ کے مطابق ایف بی آر نے جولائی 2023 سے 15 فروری 2024 کے دوران 5150 ارب روپے کے ٹیکس محصولات جمع کیے ہیں۔ گزشتہ مالی سال اسی عرصے کے دوران ٹیکس وصولی 3978 ارب روپے رہی تھی۔ رپورٹ کے مطابق انکم ٹیکس کی مد میں 40 فیصد اور سیلز ٹیکس میں 19 فیصد گروتھ رہی، کسٹمز ڈیوٹی میں 14 فیصد اور فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی میں بھی 16 فیصد گروتھ ریکارڈ ہوئی

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف
5000/-
روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے
ویب سائٹ
ہم سے بنوائیں.
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website
سی پینل اور ورڈپریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے
E-Commerce Website
Price: 6000/-
Call / Whatsapp
0309-7900035